آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک 19 جون 2020ء بمطابق 25 شوال 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 167

وزیراعظم کا پٹرول بحران کے ذمہ دار ملوث کمپنیوں کے لائسنس منسوخ کرنے کا حکم

وزیراعظم کو پٹرول بحران کی رپورٹ پیش، ذمہ داری پیٹرولیم ڈویژن پر عائد، بحران میں ملوث کمپنیوں کے لائسنس معطل و منسوخ کیے جائیں، ذمہ دار افراد کو گرفتار کیا جائے

آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے جان بوجھ کر بحران پیدا کیا، ڈی جی آئل ڈاکٹر شفیع آفریدی اور پٹرولیم ڈویژن افسران اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہے

ذخیرہ شدہ پٹرول جبری طور پر مارکیٹ میں سپلائی کرنے کا حکم دے دیا، تمام آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو 21 دن کا ذخیرہ یقینی بنانے کا پابند کیا جائے، عمران خان کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان کو پٹرول بحران کی تفصیلی رپورٹ پیش کردی گئی جس میں پٹرول بحران کے ذمہ داروں کا تعین بھی کیا گیا ہے جبکہ وزیراعظم نے بحران میں ملوث تمام کمپنیوں کے لائسنس منسوخ، ملوث افراد کو گرفتار کرنے اور ذخیرہ شدہ پٹرول مارکیٹ میں سپلائی کرنے کا حکم دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق ملک میں پیٹرول کے بحران کو مصنوعی قرار دیدیا گیا ہے اس حوالے سے وزیراعظم عمران خان کو حضرات کو ایک رپورٹ پیش کی گئی جس میں پیٹرول بحران کے ذمہ داروں کا تعین بھی کر دیا گیا۔ اوگرا نے پیٹرول بحران کی ذمہ داری پیٹرولیم ڈویژن پر عائد کی ہے۔

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت منعقدہ این سی او سی کے اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہو کر اظہار خیال کر رہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع	
فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

چیئرمین سینیٹ کی بی این پی کو حکومت سے مذاکرات کی پیشکش، اختر مینگل کا انکار

بال حکمرانوں کے کورٹ میں ہے، اگر حکمران ان کو جن کا بھائی یا والد لاپتہ ہو کو مطمئن کریں تو ہم بھی مطمئن ہیں، یہ پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کا مسئلہ ہے، تبدیلی کا میرے پاس کوئی اختیار نہیں

سیاسی لوگ ہیں اور قبائلی روایات بھی رکھتے ہیں پاکستان تحریک انصاف سے علیحدگی کا اعلان کیا ہے چیئرمین سینیٹ پی ٹی آئی کا مرکز اور صوبے میں اتحادی ہے

وزیراعظم کی ہدایت پر حکومتی مذاکراتی کمیٹی بھی متحرک ہوگئی ہے اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائدین سے رابطے میں ہے، دو سال کی انتظار اور یقین دہانیوں پر کیا پھل ملا تو کیا مزید دو سال انتظار کرینگے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ میر محمد صادق سنجرانی بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کو حکومت سے اختلافات دور کرنے کی پیشکش کردی تاہم سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ چیئرمین سینیٹ پر دو ٹوک الفاظ میں واضح کیا ہے کہ یہ پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کا مسئلہ ہے، تبدیلی کا میرے پاس کوئی اختیار نہیں، بال حکمرانوں کے کورٹ میں ہے، اگر حکمران ان کو جن کا بھائی یا والد لاپتہ ہو کو مطمئن کریں تو ہم بھی مطمئن ہیں۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی گزشتہ روز بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اختر جان مینگل کی رہائش گاہ پہنچے جہاں انہوں نے سردار اختر جان مینگل سے ملاقات کی اور انہیں حکومت کے ساتھ اختلافات دور کرنے اور اس سلسلے میں کردار ادا کرنے کی پیشکش کردی، ملاقات میں بلوچستان

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

نیکسلا چیئرمین سی پیک لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم سلیم باجوہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بھارتی قابض افواج کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری ظلم و بربریت تشویشناک ہے، شاہ محمود قریشی

بھارتی قابض افواج، فرضی آپریشنز کے ذریعے، کشمیری نوجوانوں کا ماورائے عدالت قتل عام کر رہی ہیں

وزیر خارجہ کا دورہ کے دوران وزیر خارجہ سرگئی لاوروف کے ساتھ ٹیلیفونک رابطہ، کرونا وبائی صورتحال و طرفہ تعلقات و دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بھارتی قابض افواج کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری ظلم و بربریت تشویشناک ہے، بھارتی قابض افواج، فرضی آپریشنز کے ذریعے، کشمیری نوجوانوں کا ماورائے عدالت قتل عام کر رہی ہیں، اپنے ہی ملک میں بسنے والی اقلیتوں کے ساتھ بھارت کا رویہ تضحیک آمیز ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سرکار کی جانب سے بھارتی مسلمانوں کو کرونا وبا کا ذمہ دار قرار دینا انتہائی قابل مذمت ہے عالمی برادری

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

اپوزیشن جلسوں میں مداخلت عوام کے حقوق پر ڈاکہ ہے، اپوزیشن متحد

حکومت پچھلے بجٹ کی طرح آئندہ بجٹ بھی ہڑپ کرنے اور اپوزیشن کو دیوار سے لگانے میں مصروف ہیں، میڈیا سے بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) متحدہ اپوزیشن کے ارکان بلوچستان اسمبلی نے کہا ہے کہ صوبائی بجٹ کے حوالے سے اپوزیشن کو اعتماد میں لئے بغیر مذاکرات نہیں ہونگے، حکومت کی طرف سے اپوزیشن حلقوں میں مداخلت عوام کے حقوق پر ڈاکہ ہے، حکومتی غفلت سے بلوچستان میں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

حکومت سے علیحدگی کے بعد سردار اختر مینگل سے چیئرمین سینٹ کی ملاقات، حکومتی کمیٹی کا پیغام پہنچایا

جو کرنا تھا کر لیا میرے پاس اب کچھ نہیں اب جو کرنا ہے حکومت نے کرنا ہے، سردار اختر مینگل اپنے موقف پر قائم

اسلام آباد (این این آئی) بی این پی مینگل کی حکومت سے علیحدگی کے بعد حکومت نے سردار اختر مینگل سے پہلا باضابطہ رابطہ کیا اس سلسلے میں چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی نے اہم ملاقات کی جس میں پرویز خٹک کی سربراہی میں قائم مذاکراتی کمیٹی کا

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کے باعث لاک ڈاؤن کے دوران صوبے کی معیشت متاثر ہوئی ہے، لیاقت شاہوانی

صوبے میں غربت کی شرح 40 سے بڑھ کر 68 فیصد ہوگئی ہے، لاک ڈاؤن کے دوران چار لاکھ مزدور بھی بیروزگار ہوگئے، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان بلوچستان حکومت لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے باعث لاک ڈاؤن کے دوران صوبے کی معیشت متاثر ہوئی ہے، صوبے میں غربت کی شرح 40 سے بڑھ کر 68 فیصد ہوگئی ہے، لاک ڈاؤن کے دوران چار لاکھ مزدور بھی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار میں کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت کا مظاہرہ برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی مشیر و چیئرپرسن کیو ڈی اے بشریٰ ارند

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر و چیئرپرسن کیو ڈی اے بشریٰ ارند نے کہا ہے کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار میں کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت کا مظاہرہ برداشت نہیں کی جائے گی، ارین ایڈ پلاٹ کے افسران وہ خود جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کریں تاکہ ان کی افادیت عام آدمی تک پہنچ سکے ان خیالات کا

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان مختلف ذرائع سے تدریسی عمل تک آسان رسائی یقینی بنانے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں ایک شخص نے خودکشی کرلی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ایک شخص نے خود کشی کرلی پولیس کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ کے علاقے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل کورونا وائرس سے محتاب ٹیسٹ نیگیٹو آگیا

کوئٹہ (این این آئی) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل کورونا وائرس سے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

اتحادی جماعت بلوچستان نیشنل پارٹی کی علیحدگی، وفاقی حکومت بجٹ کی منظوری کیلئے مشکل میں پڑ گئی

کوئٹہ (آن لائن) اتحادی جماعت بلوچستان نیشنل پارٹی کی علیحدگی، وفاقی حکومت بجٹ کی منظوری

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی کی وفاق سے علیحدگی کے بعد بلوچستان کے دیگر سیاسی جماعتوں نے سر جوڑ لئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کی وفاق سے علیحدگی کے بعد بلوچستان کے دیگر سیاسی جماعتوں

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

میری خواہش ہے کہ اپوزیشن بلوچستان کے وسیع تر مفاد کے لئے احتجاج کرتی، جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ خواہش ہے کہ اپوزیشن کا احتجاج پی ایس ڈی پی کی بجائے صوبے کے وسیع تر مفاد کے لئے ہوتا، اپوزیشن کے کچھ معزز اراکین نے صورتحال کو بھلا لیا ہے میں انہیں سراہتا ہوں تاہم دیگر اراکین کو کم از کم کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال میں دوسروں کی زندگی کے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ایل او سی پر بھارتی افواج کی جارحیت غیور کشمیری عوام کے عزم کو کسی صورت میں ماند نہیں کرسکتی، علی امین خان گنڈاپور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور نے ایل او

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن نے شہریوں کو گھروں پر اشیاء کی فراہمی کا منصوبہ بنالیا

اسلام آباد (این این آئی) یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن نے شہریوں کو گھروں پر اشیاء کی فراہمی کا منصوبہ بنالیا

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

چین، پاکستان، نیپال، افغانستان اور خطے کے دیگر ممالک بھارتی دہشت گردی اور جارحیت کا نشانہ ہیں، شہباز شریف

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے لائن آف کنٹرول پر بھارتی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

محسن مدارس خادم علماء حاجی صوفی محمد مسکین عظیم انسان اور علماء کے خادم تھے، مولانا فضل الرحمن

کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے امیر مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ محسن مدارس

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

آئندہ بجٹ میں صحت کے شعبے کو اولین ترجیح حاصل رہے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبائی حکومت کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے، صحت کے نظام کی بہتری اور معاشی و کاروباری سرگرمیوں کو برقرار رکھنے کے لیئے بھی اقدامات کر رہی ہے

ٹڈی دل نے باغات اور چراہگاہوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے، بلوچستان میں نجی ہسپتال ہونے کے باعث عوام کا انحصار سرکاری اسپتالوں پر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت منعقدہ این سی او سی کے اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے ساتھ ساتھ صحت کے نظام کی بہتری اور معاشی و کاروباری سرگرمیوں کو برقرار رکھنے کے لیئے بھی اقدامات کر رہی ہے اور آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ان شعبوں کو اولین ترجیح حاصل رہے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں نجی شعبہ میں سپیشلائیزڈ اسپتال نہ ہونے کے باعث عوام کا انحصار سرکاری اسپتالوں پر ہے اور کورونا وائرس کی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بجٹ میں نیا ٹیکس نہ لگانا اور کئی ٹیکسز کو ختم کرکے عام آدمی کو ریلیف دینے کی عملی کوشش کی گئی، چیئرپرسن ایف بی آر

آنیوالے مالی سال میں پوائنٹ آف سیل نظام کے تحت 15 ہزار کاروبار کو سسٹم میں لانے کا ہدف ہے، نوشین جاوید امجد

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن فیڈرل بورڈ آف ریونیو نوشین جاوید امجد نے کہا ہے کہ حکومت نے مشکل حالات میں زمینی حقائق کے تناظر میں فیصلے کئے ہیں اور آئندہ مالی سال کے بجٹ میں نیا ٹیکس نہ لگانا اور کئی ٹیکسز کو ختم کرکے عام آدمی کو ریلیف دینے کی عملی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کورونا سے زیادہ متاثرہ 20 علاقوں میں مکمل لاک ڈاؤن کا فیصلہ

کورونا وائرس آپریشن سینٹر کی جانب سے کوئٹہ میں ابتدائی طور پر کورونا سے زیادہ متاثرہ 20 یونین کونسلوں کی نشاندہی کی گئی ہے

شہر کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں مکمل لاک ڈاؤن کا اطلاق آئندہ دو روز میں کیا جائیگا، واضح رہے کہ ملک میں کورونا کے کیسز کی تعداد بڑھتی جارہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان حکومت نے کوئٹہ کے کورونا وائرس سے زیادہ متاثرہ 20 علاقوں میں مکمل لاک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا ہے اور اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کو مذکورہ علاقوں میں مطلوبہ سہولیات کی دستیابی تک فراہمی یقینی بنانے کے بھی احکامات دے دیئے ہیں۔ گزشتہ روز شہر کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں جن میں جناح ٹاؤن، شہباز ٹاؤن، ہزری آباد، علمدار روڈ، سرکی روڈ، فقیر محمد روڈ، مہرانی/سریاب روڈ، جیل روڈ، اسکیم روڈ، ہزارہ ٹاؤن، اے ون سٹی، سیلائٹ ٹاؤن، وحدت کالونی، جنرل ٹاؤن، آباد، شاہدرہ کاسی روڈ، سنگی روڈ، کلی شاہ بیگ، مسین بازار، نواں کلی، ایئرپورٹ روڈ، اربابِ کرم خان روڈ، چلتن ہاؤسنگ اسکیم، اربابِ ٹاؤن کمیٹی دیہہ میں مکمل لاک ڈاؤن کا فیصلہ محکمہ داخلہ کے اجلاس میں کیا گیا جس کیلئے محکمہ صحت سے شہر میں کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں کا ڈیٹا اور تفصیلات طلب کرلی گئی ہیں۔ محکمہ داخلہ نے اس ضمن میں کیسکو، سوئی گیس کمپنی، واسا اور پی ٹی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

عمران صاحب عوام کورونا سے مر رہے ہیں، آپ کا 'انصاف صحت کارڈ' کہاں ہے؟، مریم اورنگزیب

عمران صاحب قوم کو بتائیں کہ اس وقت کتنے صحت کارڈز سے کورونا مریضوں کا علاج ہو رہا ہے؟، ترجمان (ن) لیگ

عمران صاحب مرغیاں اور انڈے تو آپ نے مفت قوم کو دیئے تھے، وہ مفت یاب کہاں ہے؟ قوم کو اس وقت پروٹین کی ضرورت ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیراعظم عمران خان سے سوال کیا ہے کہ عمران صاحب عوام کورونا سے مر رہے ہیں، آپ کا 'انصاف صحت کارڈ' کہاں ہے؟۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران صاحب نواز شریف کے صحت کارڈ سے تو غریبوں کا علاج ہوتا تھا، عمران صاحب نواز شریف سے صحت کارڈ سے تو عوام صحت یاب ہوتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں افراتفری اور مریضوں کا سیلاب ہے، عمران صاحب

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

خیبرپختونخوا میں کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے تین دنوں کے دوران 9 علاقوں میں سمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کردیا گیا

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا میں کورونا کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے تین دنوں کے دوران 9 علاقوں میں سمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق خیبرپختونخوا میں کورونا کے کیسز کی بڑھتی ہوئی تعداد پیش نظر مختلف اضلاع میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے نفاذ کا سلسلہ جمعرات کو بھی جاری رہا، متعلقہ علاقوں کو خاردار

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

6 نکاتی معاہدے پر عملدرآمد ممکن نہیں تو یہ ناممکن بھی نہیں

سردار اختر مینگل

لاپتہ افراد کی واپسی میں اسٹیبلشمنٹ رکاوٹ ہے تو کیا قانون سازی، ترقیاتی منصوبوں، روڈ بنانے میں بھی اسٹیبلشمنٹ رکاوٹ ہے

حکومت مطالبات پر عملدرآمد کرائے تو بی این پی کیا بلوچستان کی تمام اقوام تحریک انصاف میں شامل ہوجائیں گی، غیر ملکی نشریاتی ادارے کو خصوصی انٹرویو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر مینگل نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت میں بلوچستان سے 1500 کے قریب جبری گمشدگیاں ہوئی ہیں، 6 نکاتی معاہدے پر عملدرآمد ممکن نہیں تو یہ ناممکن بھی نہیں ہے، حکومت مطالبات پر عملدرآمد کرائے تو بی این پی کیا بلوچستان کی تمام اقوام تحریک انصاف میں شامل ہوجائیں گی، اگر لاپتہ افراد کی واپسی میں اسٹیبلشمنٹ رکاوٹ ہے تو کیا قانون سازی، ترقیاتی منصوبوں، روڈ بنانے میں بھی اسٹیبلشمنٹ رکاوٹ ہے، حکومت اسٹیبلشمنٹ کو ٹیلہ بنا کر اس کے پیچھے چھپنا چاہتے ہیں۔ غیر ملکی نشریاتی ادارے کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ اس عرصے میں 418 افراد بازیاب ہوئے ہیں اور یہ وہ ہیں جنہوں نے ان سے رابطہ کیا یا ان کے ذریعے رہا ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ موجودہ دور حکومت میں بلوچستان سے 1500 کے قریب جبری گمشدگیاں ہوئی ہیں جبکہ اس عرصے میں 418 افراد

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کورونا وبا بھی سی پیک منصوبوں کو متاثر نہیں کرسکی، منصوبہ ہر پاکستانی کی محبت کی عکاسی کرتا ہے، عاصم سلیم باجوہ

سی پیک کے دوسرے مرحلے سے معیشت پر بہتر اور بھرپور مثبت اثرات ہوں گے، لاکھوں نوجوانوں کو روزگار ملے گا، تقریب سے خطاب

نیکسلا/اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سی پیک لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم سلیم باجوہ نے کہا ہے کہ پاک چین تعلقات کسی ایک حکومت تک نہیں، سدا بہار ہیں، کورونا وبا بھی سی پیک منصوبوں کو متاثر نہیں کرسکا، سی پیک کے دوسرے مرحلے سے معیشت پر بہتر اور بھرپور مثبت اثرات ہوں گے، لاکھوں نوجوانوں کو روزگار ملے گا، ہر صوبے میں خصوصی اقتصادی زونز بنا رہے ہیں، پاکستان کو جلد منافع بخش ریلوے ملے گی، توانائی کے شعبے میں ایک منصوبہ مکمل ہوچکا اور ٹرانسمیشن کے مراحل میں ہیں، اربوں ڈالرز کے یہ منصوبے ملکی تقدیر بدل دیں گے، دونوں ممالک کی مثالی دوستی سے سب مستفید

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے میر طاہر شیر مری ملاقات کر رہے ہیں

عوام کو انکی دہلیز پر صحت کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، دوستین خان جمالدینی

ای پی آئی سینٹر صوبے میں بچوں کو مختلف امراض سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جو خوش آئند ہے، صوبائی سیکرٹری صحت

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی سیکرٹری صحت دوستین خان جمالدینی نے کہا ہے کہ عوام کو انکی دہلیز پر صحت کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، ای پی آئی سینٹر صوبے میں بچوں کو مختلف امراض سے محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے جو خوش آئند ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو ای پی آئی سینٹر بروری روڈ کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ای پی آئی کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

چینی آٹا چور لینڈ مافیا کل بھی حکومت میں موجود تھا آج بھی موجود ہے، لیاقت بلوچ

فیصل آباد (این این آئی) مرکزی نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ چینی آٹا چور لینڈ مافیا کل بھی حکومت میں موجود تھا آج بھی موجود ہے، حکومت کا کہیں کنٹرول نظر نہیں آتا اندھی گونگی بہری حکومت نے قوم کے ساڑھے تین ماہ ضائع کردیئے،

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

نوجوانوں کو چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تیار کرنا اولین ترجیح ہے، عمران خان

مدارس میں زیر تعلیم بچوں کو جدید علوم کی تعلیم سے آراستہ کرنے اور انکو ہنرمند بنانے کیلئے مدارس کے ساتھ طے شدہ لائحہ عمل پر عمل درآمد کے حوالے سے بھی کوششیں تیز کی جائیں

ملک میں یکساں نصاب تعلیم کے نفاذ کیلئے کوششیں مزید تیز کی جائیں، وزیراعظم کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی کا اجلاس

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ملک کے تعلیمی نظام میں طبقاتی تفریق کو ختم کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، یکساں نصاب تعلیم کو مرتب کرنے اور ملک بھر میں اس کے نفاذ کی کوششیں مزید تیز کی جائیں، مدارس کو مرکزی دھارے میں لانے خصوصاً مدارس میں زیر تعلیم بچوں کو جدید علوم کی تعلیم سے آراستہ کرنے اور انکو ہنرمند بنانے کے حوالے سے مدارس کے ساتھ طے شدہ لائحہ عمل پر عمل درآمد کے حوالے سے بھی کوششیں تیز کی جائیں۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم عمران خان نے اصلاحات میں پیش رفت اور کورونا صورتحال کے تناظر میں تعلیم کے حوالے سے حکومتی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے تعلیم شفقت محمود، وزیر

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

صوبائی حکومت کو اپوزیشن کے احتجاج کو سنجیدگی سے لینا چاہیے، جمال شاہ کاکڑ

پی ایس ڈی پی میں برابری اور ضروریات کی بناء پر اسکیمات شامل کرنا صوبے کے ہر حلقے کا بنیادی حق ہے، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کو اپوزیشن کے احتجاج کو سنجیدگی سے لینا چاہیے پی ایس ڈی پی میں برابری اور ضروریات کی بناء پر اسکیمات شامل کرنا صوبے کے ہر حلقے کا بنیادی حق ہے، اپوزیشن کے جائز مطالبات کو تسلیم کرکے انکے تحفظات دور کئے جائیں، یہ بات انہوں نے اپوزیشن جماعتوں کے احتجاج کی حمایت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے گورنر سندھ عمران اسماعیل ملاقات کر رہے ہیں

جام کمال وٹس ایپ اور ٹویٹر پر معاملات چلا رہے ہیں، نوابزادہ لشکری

حکومتی معاملات وٹس ایپ اور ٹویٹر پر چلایا جارہا ہے، عمران خان وزیراعظم ہاؤس کو یونیورسٹی نہ بنا سکتے تو ان کی حیثیت وی سی جتنی ہی ہے

حکومتی نااہلی کی وجہ سے آج صوبے میں نسوار بیچنے والے سے لیکر تعلیم یافتہ نوجوان تک سب سراپا احتجاج ہیں، میڈیا سے بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف آف ساراوان اور رکن صوبائی اسمبلی نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ جام صاحب عقل قل مخصوص مزاج ہے جو صرف مخصوص لوگوں سے ملتا ہے، حکومتی معاملات وٹس ایپ اور ٹویٹر پر چلایا جارہا ہے، عمران خان وزیراعظم ہاؤس کو یونیورسٹی نہ بنا سکتے تو ان کی حیثیت وی سی جتنی ہی ہے، حکومتی نااہلی کی وجہ سے آج صوبے میں نسوار بیچنے والے سے لیکر تعلیم یافتہ نوجوان تک سب سراپا احتجاج ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا کہ پچھلے الیکشن میں جو دھاندلا ہوا اس کے نتیجے میں جو حکومت بنی ہے اس کے خلاف ایم پی اے صاحبان، عوام، طالب علم، زمیندار سب

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

کالعدم تنظیموں سے تحویل میں لیے گئے مدرسوں کے لئے نئے مالی سال میں 1 ارب 35 کروڑ روپے مختص

لاہور (این این آئی) کالعدم تنظیموں سے تحویل میں لیے گئے مدرسوں کے لئے نئے مالی سال میں 1 ارب 35 کروڑ روپے مختص کردیئے گئے، پنجاب میں سینکڑوں مدرسے اس وقت محکمہ سکولز ایجوکیشن کے تحویل میں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت نے اپنی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

شہریوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی ہمارا نصب العین ہے، روحانہ گل کاکڑ

ٹینکر مافیا کو پابند کیا جائے گا کہ شہریوں کو سستے داموں پانی فراہم کیا جائے، اسسٹنٹ کمشنر حب

اوتھل (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر حب روحانہ گل کاکڑ نے کہا ہے کہ شہریوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی ہمارا نصب العین ہے اور ٹینکر مافیا کو پابند کیا جائے گا کہ شہریوں کو سستے داموں پانی فراہم کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ترجمان لسبیلہ سول سوسائٹی امان اللہ لاسی کی سربراہی میں وفد سے ملاقات میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ لسبیلہ سول سوسائٹی کے ترجمان امان اللہ لاسی کی سربراہی میں لسبیلہ سول سوسائٹی کے ایک وفد نے اسسٹنٹ کمشنر حب روحانہ گل کاکڑ سے ملاقات کرکے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

افغانستان، مدرسہ میں مارٹر گولہ پھٹنے کے نتیجے میں 10 طلبہ جاں بحق، 8 دیگر زخمی ہوگئے

کابل (این این آئی) افغانستان کے شمال مشرقی صوبہ ننگرہار میں اسلامی مدرسہ میں مارٹر گولہ پھٹنے کے نتیجے میں کم از کم 10 طلبہ جاں بحق اور 8 دیگر زخمی ہوگئے جبکہ صوبہ افغان میں طالبان نے حملہ کرکے 7 افغان فوجیوں کو ہلاک کردیا۔ افغان اور غیر ملکی میڈیا کے مطابق افغانستان کے شمال مشرقی صوبہ ننگرہار کے ضلع ہشمش

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

جنگ بندی کی خلاف ورزیوں پر پاکستان کا بھارت سے شدید احتجاج، بھارتی ناظم الامور کی دفتر خارجہ طلبی

بے حسی پر مبنی یہ بھارتی اقدامات نہ صرف 2003 کے جنگ بندی معاہدے، عالمی انسانی حقوق اور عالمی اقدار کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے

رواں سال بھارت نے جنگ بندی کی 1410 خلاف ورزیوں کا ارتکاب کیا، 12 بے گناہ شہری شہید اور 102 زخمی ہوئے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل (جنوبی ایشیاء و سارک) زاہد حفیظ چوہدری نے بھارتی ناظم الامور گورو اہلووالیا کو دفتر خارجہ طلب کیا اور 17 جون 2020 کو لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے باسکر اور کھیال سیکٹرز میں بھارتی قابض فوج کی جنگ بندی کی خلاف ورزیوں، بلا اشتعال فائرنگ کے نتیجے میں 4 بے گناہ شہریوں کی شہادت اور ایک کے زخمی ہونے پر پاکستان کی طرف سے شدید احتجاج کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ عائشہ فاروقی نے کہا کہ بھار

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

19 جون 2020ء

کوئٹہ' کورونا متاثر 20 علاقوں کو سیل کرنا فیصلہ

بلوچستان حکومت نے کوئٹہ کے کورونا وائرس سے زیادہ متاثرہ 20 علاقوں میں مکمل لاک ڈاون کا فیصلہ کرلیا ہے اور اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کو مذکورہ علاقوں میں مطلوبہ سہولیات کی دو ہفتے تک فراہمی یقینی بنانے کے بھی احکامات دے دیئے ہیں۔ شہر کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں جن میں جناح ٹاؤن، شہباز ٹاؤن، مری آباد، علمدار روڈ، سرکی روڈ، فقیر محمد، روڈ، قمبرانی /سریاب روڈ، جیل روڈ/ اسپینی روڈ، ہزارہ ٹاؤن، اے ون سٹی، سیٹلائٹ ٹاؤن، وحدت کالونی، خروٹ آباد، شالدرہ کاسی روڈ، سمنگلی روڈ، کلی شابو، مین بازار، نواں کلی، ائیرپورٹ روڈ، ارباب کرم خان روڈ، چلتن ہاؤسنگ اسکیم، ارباب ٹاؤن کلی دیبہ میں مکمل لاک ڈاؤن کا فیصلہ محکمہ داخلہ کے اجلاس میں کیا گیا جس کیلئے محکمہ صحت سے شہر میں کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں کا ڈیٹا اور تفصیلات طلب کرلی گئی ہیں۔ محکمہ داخلہ نے اس ضمن میں کیسکو، سوئی گیس کمپنی، واسا اور پی ٹی سی ایل کو متعلقہ علاقوں میں مطلوبہ سہولیات کی دو ہفتے تک مکمل فراہمی کے لیے اقدامات کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ کورونا وائرس آپریشن سینٹر کی جانب سے کوئٹہ میں ابتدائی طور پر کورونا سے زیادہ متاثرہ 20 یونین کونسلوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ شہر کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں مکمل لاک ڈان کا اطلاق آئندہ دو روز میں کیا جائیگا۔

کتاب: اینڈ آف ٹائم (مصنف: ڈاکٹر شاہد مسعود)

تبصرہ: فلک زاہد

"قریب آگیا لوگوں کے حساب کا وقت اور وہ ہیں غفلت میں منہ موڑے ہوئے ہیں" (الانبیاء)

بطور مسلمان ہمارا یہ ایمان ہے کہ دنیا فانی ہے، عارضی ٹھکانہ ہے یہاں ہم محض چھوٹے سے امتحان کے لیے آئے ہیں تاکہ بڑے امتحان کی تیاری کرسکیں، بڑے امتحان سے مراد موت کے بعد ہماری تقدیر میں جنت یا دوزخ کا فیصلہ ہونا ہے، اب یہ ہم پر منحصر ہے کہ ہم اپنے لیے کیا خریدتے ہیں، موت ایک اٹل اور تلخ حقیقت ہے جس سے دنیا کا کوئی شخص انکار نہیں کرسکتا، آپ کو دنیا میں ایسے بے شمار لوگ ملیں گے جو قرآن کریم کا انکار کرتے ہیں اور انبیائے کرام کے منکر ہیں جو تسلیم ہی نہیں کرتے کہ سزا اور جزا کا کوئی نظام ہے اور دوزخ اور جنت کا بھی کوئی وجود ہے لیکن ان سب کے باوجود کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا جو موت سے انکار کرے۔

موت تو ایک چھوٹی قیامت ہے ایک بڑی قیامت وہ ہے جب ہماری کائنات اور اس میں بسنے والی ہر چیز بشمول سورج، چاند ستارے سب فنا ہوجائیں گے یعنی وقت کا مکمل خاتمہ ہوجائے گا اور آخرت میں حساب کتاب کا وہ دن آئے گا جس پر ہر مسلمان کا عقیدہ ہے کہ اس دن اسکے اچھے برے اعمال اللہ کے حضور پیش کردیئے جائیں گے، وہ دن کب آئے گا اسکے بارے میں اللہ تعالیٰ کی ذات ہی بہتر جانتی ہے

"اور وہ کہتے ہیں کہ قیامت کب ہوگی تو کہہ دیجیے کہ عجب نہیں کہ قریب ہی آ لگی ہو" (بنی اسرائیل)

قیامت کا ذکر تمام انبیا کرام نے بیان فرمایا، تمام قوموں کے سامنے جہاں جہاں وہ آئے چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلی وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آنا تھا اس لیے آپ نے تفصیلاً اسکی نشانیاں بیان فرمادیں جو ہمیں احادیث سے ملتی ہیں، قرآن شریف میں زیادہ تر انکا ذکر ملتا ہے جو بالکل قیامت کے قریب ظاہر ہونگی لیکن احادیث میں قریب اور دور ہر زمانے کا بیان ہے۔

آخر الزماں کی علامات اور نشانیوں پر جو کتاب مکمل ریسرچ اور مشاہدے کے بعد لکھی گئی ہے وہ ڈاکٹر شاہد مسعود کی "اینڈ آف ٹائم" ہے جس پر مبنی اقساط ٹی۔وی پر بھی نشر ہوچکی ہیں اور اب کتابی شکل میں مکمل ابواب کے ساتھ مارکیٹ میں موجود ہے۔

قرآن شریف اور آقا علیہ السلام کی مستند احادیث کی روشنی میں ماضی، حال اور مستقبل کو سامنے رکھ کر تمام حالات کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا ہے کہ کونسی نشانیاں تاریخ میں پوری ہوگئی ہیں، حال میں کیا کچھ ہورہا ہے اور آنے والے وقت میں یعنی مستقبل میں کیا ہوگا یا ہوسکتا ہے۔

تین بڑے مذاہب مسلمان، یہودی اور عیسائی حتیٰ کہ سائنس بھی اپنے اپنے عقیدے کے مطابق کہیں نہ کہیں یہ مانتی ہے کہ دنیا آہستہ آہستہ دم توڑ رہی ہے اور بلآخر ایک دن مکمل ختم ہوجائے گی، یعنی تفصیلات جدا جدا ہیں مگر آخرت کا تصور کسی نہ کسی صورت ضرور پایا جاتا ہے کہ ایک دن قیامت قائم ہوگی روز حساب آئے گا اور اعمال کی بنیاد پر سزا اور جزا کے فیصلے ہوں گے۔

کتاب کی خوبصورتی یہی ہے کہ اس میں تمام اہم موضوعات کو نہایت خوبصورتی سے اجاگر کیا گیا ہے، چودہ سو سال پہلے ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیان کردہ احادیث سے آج کی جدید سائنس بھی غیر محسوس انداز سے متاثر نظر آتی ہے، کتاب مذہب اور سائنس کا بہترین امتزاج ہے جس میں مختلف اور جلیل القدر کتابوں سے حوالے بھی دیے گئے ہیں، پیغمبروں کے قصے، ماضی میں رونما ہوجانے والے تاریخی قصے اور ماضی میں ہی تباہ و برباد ہوجانے والی بستیوں کے قصے نیز یہ کہ ماضی میں قرب قیامت کی نشانیاں جو پوری ہوچکیں انکا ذکر تو ہے ہی اسکے علاوہ ڈاکٹر شاہد مسعود نے کتاب میں مستقبل میں پوری ہونے والی بڑی نشانیوں کا بھی نہایت ہمت اور جرات سے ذکر کیا ہے جن میں سے بڑی نشانی یعنی علامات کبریٰ میں سے اہم ترین حضرت امام مہدی کا ظہور ہے جنکا دور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دوبارہ آمد کے عرصے کے دوران ہی بیان ہوتا ہے۔

خروج دجال، یاجوج ماجوج کا آزاد ہونا، روح کیا ہے، روح پہلے وجود میں آئی یا ہمارا جسم پہلے تخلیق کیا گیا، جادو کیا ہے، ستاروں کا علم کیا ہے، خواب کیا آنا کیسا ہے، فری میسنز کون ہیں انکے مقاصد کیا ہیں اور وہ انہیں کس طرح انجام دیتے ہیں، غرض تمام اہم سوالات جو انسان کے ذہنوں میں اٹھ سکتے ہیں ان سب کے جوابات نہایت دلیل اور تفصیل کے ساتھ دیے گئے ہیں، کتاب میں علما کی رائے مختلف مسالک کے عقائد اور قرآن شریف کے بعد تینوں آسمانی کتابیں توریت، زبور، انجیل اور انکے ماننے والے یعنی یہودی اور عیسائی سب کا عقیدہ ایک مخصوص دائرے سے نکل کر مکمل ریسرچ کے ساتھ کھل کر تفصیلاً بیان کیا گیا ہے۔

یہ کتاب یقیناً لائق توجہ ہے اور ماضی میں ہونے والے واقعات موجودہ حالات اور مستقبل میں پیش آنے والے واقعات کو سمجھنے کے لیے یہ کتاب پڑھنا بہت اہم ہے جس میں کڑی سے کڑی جوڑی گئی ہے... آخر الزماں سے پہلے وہ بڑی جنگیں جنہیں آرمیگیڈن کہا جاتا ہے اور جس پر تینوں بڑے مذاہب کا ایمان ہے کہ وہ ضرور ہوگی اور جس کے متعلق کے امریکی صدور بھی اپنی تقاریر میں ذکر کرتے آئے ہیں وہ سب خونریز معرکے اور قتل و غارت جن کا ذکر ہمیں احادیث رسول اللہ سے ملتا ہے ان سب کے مطابق آج ہم کس دور میں کھڑے ہیں ہم پر کافی حد تک واضح ہوجائے گا، ہر گزرتا لمحہ ہمیں آتی موت سے قریب تو کر ہی رہا ہے تاہم قیامت کو بھی نزدیک لا رہا ہے اور قیامت وہ دن ہوگا جس دن صور پھونکنے والے کو بھی موت آئے گی اور خود موت کو بھی موت آئے گی

"ہر جان کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے"

چنانچہ آج کی دنیا کی مصیبتیں، فتنے، صعبتیں اور پریشانیاں ہمیں جس دور کی طرف لیکر جارہی ہیں وہاں اس حدیث سے رہنمائی کی اشد ضرورت ہے کہ دنیا میں مسافر کی طرح رہو جو عارضی طور پر کچھ دن کے لیے قیام کرتا ہے، ہم خوش قسمت ہیں کہ ہم پر توبہ کا دروازہ ابھی بند نہیں ہوا کیونکہ قیامت کی بڑی نشانیوں میں سے ایک سورج کا مغرب کی جانب سے طلوع ہونا ہے جسکے بعد توبہ کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہوجائے گا لہذا اللہ کا شکر ہے کہ ابھی ہمارے پاس کچھ سانسیں ہیں، مہلت ہے چند گھڑیاں ہیں نہیں معلوم کب روح کا رشتہ بدن سے ٹوٹ جائے چنانچہ ابھی بھی وقت ہے عبادات کا رب کی خوشنودی حاصل کرنے کا کیونکہ وقت کا خاتمہ تو بعد میں ہوگا اس سے پہلے ہمارا آپکا ہوجائے گا...

ہم کو یہ جان لینا چاہیے کہ انسان اور انسانیت کے لئے قائم یہ عارضی ٹھکانہ جو اللہ کی مرضی و منشا کے مطابق اس ذات عظیم کے ایک حکم پر وجود میں آیا تھا جلد اس ذات باری تعالیٰ کے ایک حکم پر مٹ جا؟ گا، جو پہاڑ زمین کا توازن قائم رکھے ہو؟ ہیں یہ سب روئی کے گالوں کی طرح فضاؤں میں اڑنے والے ہیں، یہ زمین جس پر ہم بسیرا کیے آج محفوظ ہیں اس کا سینہ پھٹ جا؟ گا اور ہر ذی نفس اس میں سما جا؟ گا، وہ وقت وہ زمانہ قریب ہے جس کا وعدہ انسان سے کیا گیا ہے جب ہر چیز ہر ترقی ہر جدت ہر روایت ایک حکم پر فنا کردی جا؟ گی جب ایک آواز انسانوں کے دل پھاڑ دے گی جب مائیں اپنے دودھ پیتے بچوں کو پھینک دیں گی جب انسان کے پاس اس کے تمام رشتوں سے افضل اسکی اپنی نجات ہوگی جب اعمال نامے ہاتھوں میں تھامے انسان ماں، بہن باپ بھائی بیٹا جیسے رشتے بھی بھول کر بس اپنی نجات کی فکر میں ہوگا، عجب نفسا نفسی کا عالم ہوگا۔

یہ کتاب انسان کو اس آنے والے کل کا پیغام دیتی ہے جس پر بطور مسلمان ہمارا یقین ہے کہ وہ صبح آ کر رہے گی، اس لئے ظاہری نمود کے دھوکوں کی جگہ ہم کو اس دن کی تیاری کرنی چاہیے ایسا نا ہو کہ وہ آواز گونج اٹھے جس کے بعد ہر دروازہ بند کردیا جا؟ گا اور ہم آقا علیہ السلام کے اُمتی میدان حشر میں شرمسار کھڑے ہوں۔ اس لئے اب بھی وقت ہے ہم دنیا کے ساتھ آخرت کی تیاری میں لگ جائیں تاکہ ہمارا آنے والا کل جو ہمیشہ رہنے والا ہے اس میں ہم کامیاب و سرخرو ہوسکیں...!!!

دیرآہت درست آہت

ایک دانشور کا قول ہے، وہ وعدہ وفا کیا جو وفا ہوجائیں

آج پاکستان کی سیاست نے ایک نیا رخ اختیار کر لیا ہے آج بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار

میر اسلم رند

اختر جان مینگل نے قومی اسمبلی میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے نام نہاد مدینے کی ریاست سے علیحدگی کا اعلان کردیا ان کی پارٹی کے قومی اسمبلی میں 4 تھیں اب نام نہاد مدینے کی ریاست والے حکومت کو ایک نشست کی برتری حاصل ہے اس سے پہلے ایم کیو ایم اور مسلم لیگ (ق) بھی حکومت سے ناراضگی کا اظہار کر چکے ہیں لیکن انہوں نے علیحدگی اعلان نہیں کیا،، ان کو شاید یقین ہوگیا آج سے 1450 سال پہلے مدینے کی ریاست اس ہستی نے بنائی تھی جسے پوری دنیا رحمت العالمین کی حیثیت سے جانتی ہیں اور قیامت تک دنیا مدینے کی ریاست کے کردار کو یاد رکھے گی آپ صلی اللہ والہ وسلم نے غیر مذہب کے ساتھ خوبھی معاہدے کئے ان تمام معاہدوں کی پاسداری کی، آپ صلی اللہ اولہ وسلم کے کردار اور گفتار میں یکسانیت تھی اسی وجہ سے آپ کو صادق اور امین کا لقب دیا گیا آپ نے جو جو وعدے کئے، ان تمام وعدوں کو حقیقت میں بدل دیا ایک ہمارے آجکل کے حکمران ہیں جو صبح شام مدینے کی ریاست کے خواب دکھاتے ہیں ان کا آغاز ہی جھوٹ اور وعدہ خلافی سے ہوتا ہے آج تک عوام سے جتنے وعدے کئے گئے ان میں سے کوئی بھی وفا نہ ہوسکیں نہ احتساب ہوا، نہ انصاف ہوا، نہ نوکریاں ملی، نہ گھر بنیں۔ نہ عوام کے مفاد میں قانون سازی ہوئی، نہ الیکشن کمیشن میں اصلاحات کی گئی، نہ لوکل گورنمنٹ کا نظام آیا نہ ہی قانون سازی کی گئی ہر اس بات سے منحرف ہوئے جن سے عوام کو امیدیں دلائی گئی تھی؟ نہ الاٹمنٹس کے ساتھ وفا کیا گیا اور نہ جنوبی پنجاب بنا، نہ 6 نکات پر عمل ہوا، اور نہ ہی بھاولپور صوبہ بنا، صرف ڈیڑھ ارب ڈالر کی قسط کو پوسپونڈ کرانے کے لئے تمام پاکستان میں کورونا وائرس کو پھیلایا گیا، پورے ملک میں ہزاروں خاندانوں کا خون کس کے سر پر ہیں؟ ان کا جواب انہیں دینا پڑے گا، کیسے کیسے جوان اور بزرگ ختم سے جدا ہو گئے، ان تمام الفاظوں میں اتنے سوالیہ نشان ہیں جو لکھائی میں ممکن نہیں؟ ان تمام وجوحات کو دیکھتے ہوئے بلوچستان نیشنل پارٹی کے فیصلے کو ہم درست مانتے ہیں لیکن ہم تمام بلوچستان کے عوام سردار اختر جان مینگل اور ان کی پارٹی سے یہ امید رکھتے ہیں کہ وہ ایم کیوں ایم جیسا کردار ادا نہیں کریں گے؟ جس سے ان کی اور ان کے پارٹی کی جگ ہنسائی ہو، ہم بلوچستان کے عوام ان سے یہ بھی امید رکھتے ہیں ان کی پارٹی اپنے مفادات کے لئے بلوچستان کے مفادات کو قربان نہیں کرے گی بلوچستان نیشنل پارٹی اور بلوچستان عوامی پارٹی کو ان دو سالوں میں اندازہ ہوگیا ہوگا کہ نام نہاد مدینے کی ریاست کے جھوٹے دعویدار کو بلوچستان سے کتنا پیار ہے؟ کراچی کے 3 اسپتالوں کو اربوں روپے فنڈ رکھنے والوں نے کوئٹہ، کراچی ڈبل وے روڈ کو بجٹ سے نکال دیا 72 کھرب والے بجٹ میں سب سے زیادہ بلوچستان کے فنڈ میں کٹوتی کی گئی اگر وفاقی حکومت کے ناکامی کو دیکھا جائے تو بلوچستان کی دو پارٹیاں اور آزاد ارکان اس دو سالہ کارکردگی کے ذمے دار ہیں وعدے پورے نہ ہونے کے باوجود ان کا ساتھ کیوں دیا گیا؟ ان دو سالہ حکومت کے دوران ملک کو 13 ارب ڈالر کا اور زیادہ مقروض کرایا گیا بیرونی آقاؤں اور اپنے سلیپنگ پارٹرز کو خوش کرنے کے لئے ڈالر کو 96 روپے سے 166 پر پہنچایا گیا جب ڈرائنگ روم سے اٹھا کر چپتیوں کو ملک پر حکمران بنایا جائیگا تو ملک کا انجام اسی طرح ہوگا اس ملک کے لئے کروڑوں انسانوں نے قربانی دی ہے وہ اس لئے نہیں کہ باہر سے ممی ڈیڈی نما نا اہل لوگوں کو ہم پر مسلط کیا جائے؟ آخر میں سردار اختر جان اور ان کی پارٹی کو مبارک باد دینا چاہونگا انہوں نے دیر سے فیصلہ کیا مگر درست فیصلہ کیا،،،

جمہور کی آواز

ایم سرور صدیقی

پاکستان کی تنزلی کا سبب سوچنے بیٹھیں تو اس مملکت خداداد کے ہر شعبہ میں مافیاز کا راج ہے سیاسی پارٹیاں مسلک بن چکی ہے اور تو اور عام آدمی کسی شریف امیدوار کو ووٹ دینا پسند نہیں کرتا یہاں تو عوام کا کوئی معیار نہیں کرپٹ، فرعون صفت اور اخلاقی طور پر دیوالیہ ہونے والے عناصر قوم کے ہیرو بن گئے ہیں اور بدقسمتی سے یہ عناصر عوام کے لئے آئیڈیل بن گئے ملک بھر میں ایک پاؤ خالص دودھ ملنا محال ہے، بیشتر دکانوں پر الحمدللہ، ماشاء اللہ، بسم اللہ، داتا، ہجویری، مدنی، مکہ، مدینہ کے نیون سائن بورڈ جگمگ جگمگ روشن روشن ہیں دکانداروں کا گاہکوں کے ساتھ رویہ اس قدر ہتک آمیز ہے کہ عزت بچانا مشکل ہوجاتی ہے ہر کوئی دولت کے حصول کیلئے شارٹ کٹ ڈھونڈتا پھرتا ہے بیشتر پر راتوں رات امیر ہوجانے کی دھن سوار ہے اس کے لئے جائز ناجائز، حرام اور حلال میں کوئی تمیز روا نہیں ہم سب کتنے بھولے ہیں کہ اس کے باوجود پاکستان کو مدینے کی ریاست دیکھنا چاہتے ہیں مگر یہ نہیں سوچتے کہ کعبہ کو کون سامنہ لے کر جائیں گے ایک شخص نے کسی دانشور سے دریافت کیا حضرت! کرپشن کی (Definition) تعریف کیا ہے؟

اس نے بلا تامل جواب دیا اپنے اختیارات سے تجاوز کرنا کرپشن ہے۔ اگر اس فارمولے پر عمل کیا جائے تو ہماری پوری کی پوری بیوروکریسی اور سارے کے سارے سیاستدان کرپٹ ہوجاتے ہیں بعض بزرجمہر یہ سوچتے ہوں گے کہ یہ اتنی بڑی بات کیوں لکھ دی گئی؟ ---اور تو اور پاکستان میں تو ایک معمولی اہلکار اپنے دفتر کے افسر اعلیٰ کے اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لیتا ہے بعینہٖ ایک کانسٹیبل کا بس چلے تو وہ SHO کے اختیارات انجوائے کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتا خیر پاکستان میں یہ معمولی باتیں ہیں ہمارے پڑوسی اور دنیا کی سب سے بڑی سیکولر جمہوریت کہلوانے والے ملک میں کچھ ماہ قبل تیزی سے مقبولیت کے ریکارڈ قائم کرنے والی "عام آدمی پارٹی" نے پھر دہلی میں سرکار بنالی ہے کئی سال پہلے چونکا دینے والی خبر یہ تھی کہ دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کرپشن کے خلاف کے میدان میں آئے انکے اقدامات کو عوام نے بے حد سراہا لیکن اس کے باوجود ان کی کرپٹ عناصر کے آگے ایک نہ چلی جب انہوں نے کرپشن کے خلاف اسمبلی میں قانون سازی کرنا چاہی تو ناکام رہے اور وہ احتجاجاً کابینہ سمیت مستعفی ہوگئے۔ اس وقت کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ اروند کیجریوال نے کرپٹ عناصر کے آگے ہتھیار ڈال دیئے ہیں لیکن اس نے ہمت نہیں ہاری اور کرپشن کے خلاف جدوجہد کو ایک تحریک بنادیا۔۔ اس وقت ان کا استعفیٰ ایک اچھی روایت کہا جاسکتا تھا بلکہ اسے روایت ساز بھی کہا جا سکتا ہے۔۔۔ پاکستان میں تو سرے سے ایسی کوئی روایت ہی نہیں یہاں تو ایک سابق صدر۔۔۔ دو سابق وزراء اعظم سمیت 8000 سے زائد سیاستدانوں، فوجی افسروں، بیوروکریسی میں کرپشن، کرپشن کا کھیل کھیلنے والوں کے خلاف مقدمات موجود ہیں ایک وزیر اعظم مرنا قل قرار دیدیا گیا ہے۔۔ کرپٹ عناصر کی بیخ کنی کیلئے "نیب" جیسا ادارہ موجود ہے۔۔ اینٹی کرپشن کا محکمہ بھی ہے۔۔۔ FIA میں بھی کرپشن کے کئی معاملات کی تفتیش ہوتی ہے لیکن جس معاشرے میں رشوت کے الزام میں گرفتار ہونے والا رشوت دے کر چھوٹ جائے وہاں اصلاح احوال کی تمام کوششیں دم توڑ جاتی ہیں یہ تو

خود بھی شرمسار ہو مجھ کو بھی شرمسار کر

والا معاملہ ہے۔ لگتا ہے کرپشن ہمارے ہر ادارے، ہر محکمے کی رگ رگ میں سما گئی ہے اس لئے سائلین ذلیل و خوار ہوتے ہیں جو بھی سائل نے بار بار چکر لگانے سے تنگ آکر مجبوراً کسی اہلکار کی مٹھی گرم کی حالات ہی بدل جاتے ہیں جو کام کئی ماہ سے اٹکا ہوتا ہے دنوں میں ہونے کی سبیل نکل آتی ہے۔ ایک اور اہم بات یہ ہے کہ عام آدمی کا خیال ہے کہ پاکستان میں جمہوریت کرپشن کی علامت بن چکی ہے بڑے بڑے رہنماؤں نے سیاست کو صرف اپنی ترقی کیلئے مخصوص کر رکھا ہے یہی لوگ جرائم پیشہ افراد کی سرپرستی کر رہے ہیں کراچی، بلوچستان اور دیگر شہروں میں امن و امان کا مسئلہ بھی اسی لئے الجھا ہوا ہے کہ مجرم ذہنیت لوگوں نے سیاست اور جمہوریت کو یرغمال بنا رکھا ہے جس کی وجہ سے حالات مزید خراب ہوتے جارہے ہیں یہ عناصر اتنے طاقتور ہیں کہ ان کی مرضی کے بغیر پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے ان کے علاقوں میں قدم بھی نہیں رکھ سکتے اسلام ایک ایسا مذہب ہے جس میں ہر قسم کی کرپشن کو حرام قرار دیا گیا ہے اس کیلئے حرام اور حلال کا ایک وسیع تصور اس کے مفہوم و معانی کا احاطہ کرتا ہے یہ الگ بات کہ اب پاکستانی معاشرے میں حرام اور حلال کی تمیز ختم ہوتی جارہی ہے یہی مسائل کی اصل جڑ ہے دولت کی ہوس، ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی دوڑ، معاشرہ میں جھوٹی شان و شوکت اور راتوں رات امیر بننے کی خواہش نے اکثریت کو بے چینی میں مبتلا کر کے رکھ دیا ہے۔۔ انہی خواہشات نے اختیارات سے تجاوز کرنے پر مجبور کر رکھا ہے اس تناظر میں دیکھا جائے تو دہلی کے مستعفی وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے بھارت کے بے ایمان معاشرے کے منہ پر ایک زوردار طمانچہ رسید کیا ہے جس سے ہر کرپٹ کا منہ سرخ ہورہا ہے۔۔۔ پاکستان میں بھی ایسی ہی روایت کی طرح ڈالنی ہوگی ہمارے حکمران دن رات عوام کی خدمت کے دعوے کرتے رہتے ہیں خادم اعلیٰ کہلوانے والے میاں شہباز شریف جیسے رہنماؤں کے خلاف بھی کرپشن کی ہوشربا کہانیاں گردش کررہی ہیں چند سال پہلے تحریک انصاف کے عمران خان اور عوامی تحریک کے ڈاکٹر طاہر القادری کرپشن کے خلاف میدان میں آئے اب عمران خان وزیر اعظم ہیں کرپشن کے خلاف اقدامات بھی تجویز کئے گئے لیکن اس کے باوجود عوام کو کسی طور ریلیف نہیں مل رہی۔۔ جتنا پاکستانی معاشرہ گلڑ چکا ہے۔۔ متعدد محکموں کی کارکردگی سے جتنے لوگ تنگ ہیں یا پھر جتنی بہتری لائی جاسکتی ہے ان کیلئے ایک مربوط حکمت عملی اور ٹھوس منصوبہ بندی کی اشد ضرورت ہے۔ انڈیا میں تو کرپشن کے خلاف ایک سماجی رہنما انا ہزارے ایک علامت بن کر ابھرا تھا اس کے بعد اروند کیجریوال نے اس کی سوچ کو مزید تقویت دی جو اپنی کارکردگی کی بنیاد پر تیسری مرتبہ وزیر اعلیٰ منتخب ہوچکا ہے جس نے عملی طور پر عوام دوستی کے نئے ریکارڈ قائم کردیئے ہیں جس سے عام آدمی کو خاصا ریلیف ملا ہے اب آتے ہیں پاکستان کی جانب اس مملکت خداداد کے ہر شعبہ میں مافیاز کا راج ہے سیاسی پارٹیاں مسلک بن چکی ہے اور تو اور عام آدمی کسی شریف امیدوار کو ووٹ دینا پسند نہیں کرتا یہاں تو عوام کا کوئی معیار نہیں کرپٹ، فرعون صفت اور اخلاقی طور پر دیوالیہ ہونے والے عناصر قوم کے ہیرو بن گئے ہیں اور بدقسمتی سے یہ عناصر عوام کے لئے آئیڈیل بن گئے ہیں حالانکہ ہمارا مذہب تو ہر قسم کی کرپشن کے خلاف ہے ہمارے مذہبی، سیاسی و سماجی، مذہبی رہنماؤں اور اداروں کو کرپشن کے خلاف میدان میں آنا چاہیے جرأت مندی سے اس فتنے کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے پاکستان میں تو شیخ الاسلام ڈاکٹر طاہر القادری جیسی شخصیت بھی موجودہ استحصالی نظام اور کرپشن کے خلاف آواز بلند کرتے کرتے تھک گئے ہیں حالانکہ علماء کرام حلال و حرام کے فلسفہ کو اجاگر کرنے کیلئے بڑے ممد و معاون ثابت ہوسکتے ہیں لیکن اگر علماء کرام کی اکثریت ایک منظم کمپین چلائے تو بہتری آسکتی ہے یہ بات سب سے اہم ہے کہ ایک مسلم معاشرے میں حلال و حرام کی تمیز کے بغیر کرپشن کا خاتمہ ناممکن ہے لیکن جب تک کرپٹ رہنما لوگوں کے آئیڈیل بنے رہیں گے کسی تبدیلی کی توقع عبث ہے۔

پاکستان زندہ باد

ایشا رانا

یہ غالباً دو ہزار چھ کی بات ہے پٹیالہ میں پنجابی یونیورسٹی کے زیر اہتمام پاکستان سے آئے وفد کے اعزاز میں تقریب ہے۔ حال میں لگ بھگ دس ہزار افراد بیٹھے ہیں۔ میں بھی اس وفد کا حصہ ہوں تقریب کیا ہے بھارتی کی ثقافتی یلغار ہے۔ اچانک ہال کی تمام لائٹس بند ہوگئیں۔ ایسا لگا دور کہیں دور سے پنجابی انرجی بھرے لہجے میں ٹپاریں لے بھرے انداز میں بچے گاتی آرہی ہیں۔ ایک خوابناک ماحول تھا اچانک میرے پیچھے سیڑھیوں سے پنجابی یونیورسٹی کی طالبات ہاتھوں میں بڑے بڑے تھال اٹھائے جن میں گجرے مہندی تیل اور ابٹن رکھا تھا اور اصل خوبصورتی یہ تھی کہ ان تھالوں میں چھوٹے چھوٹے دیئے جل رہے تھے اندھیرے میں دیئوں کی روشنی الپڑ ٹپاریوں کے گیت میں کیا پورا پاکستانی وفد اس سحر میں گم صم بیٹھا تھا۔ جیسے امرتا پریتم بلھے شاہ وارث کا کوئی کلام زندہ ہو کے ہمارے درمیان آکھڑا ہو۔ پھر یہ لڑکیاں ہمارے درمیان سے گیت گاتیں سٹیج پر آئیں اور ایسا گند ڈالا کہ واقعی انکی ایڑیاں زمین پہ پڑتیں اور گلتا دھرتی کانپ رہی ہے۔

بھارتی ہم پہ چھائے ہوئے تھے۔ انہوں نے اپنی ثقافت بھرپور انداز میں پیش کرکے پورے پاکستانی وفد کو سحر زدہ کردیا۔ تقریب ختم ہونے کے قریب تھی کہ پروگرام کے میزبان نے کہا تقریب ختم ہوا چاہتی ہے لیکن وہ پاکستانی وفد میں آئے طارق عزیز سے درخواست کریں گے کہ چند لفظ بول دیں۔ یہ ساری تقریب پنجابی میں ہورہی تھی۔ طارق عزیز سٹیج پہ آئے۔ انہوں نے مائیک سنبھالا اور یوں لگا بھارتی ثقافت ہوا میں اڑ گئی ہو۔ طارق عزیز نے ابھی اتنا ہی کہا کہ "آج آکھاں وارث شاہ نوں" دس ہزار کے ہال میں سکتہ ہوگیا صرف وہاں ایک ہی آواز تھی وہ تھی طارق عزیز۔۔

میں نے پٹیالہ کے امرا بیوروکریسی سیاستدانوں وزرا اساتذہ اور حاضرین کے چہرے غور سے دیکھنا شروع کئے جیسے وہ سب طارق عزیز کے لافانی لہجے الفاظ کے جادو انکی شخصیت کے سحر میں ڈوب گئے ہوں۔ زندگی میں پہلی بار مجھے محسوس ہوا میرے رونگٹے کھڑے ہیں۔ میں ایک احساس کمتری کا مارا صحافی ہوں کسی کو تسلیم کرنے میں بہت تکلیف محسوس کرتا ہوں لیکن میرا دل کررہا تھا کہ میں زور زور سے چیخوں یہ ہمارا طارق عزیز ہے۔ دیکھو یہ ہمارا چہرہ ہے، دیکھو پاکستان ثقافت میں تم سے کم نہیں۔ تمام بھارتی فنکار مجھے چھوٹے چھوٹے محسوس ہورہے تھے۔ مجھے لگا چاروں طرف سبز ہلالی پرچم لہرا رہے ہوں۔ طارق بولتے گئے اور پورا ہال بت بنا انہیں دیکھتا رہا۔ مجھے ہوش تب آیا جب طارق عزیز کے جواب میں پورے ہال نے کہا پاکستان زندہ باد۔ میں نے اپنے چہرے پہ ہاتھ پھیرا وہ آنسوؤں سے تر تھا۔

طارق عزیز صاحب مجھے آج احساس ہوا آپ نے مجھے احساس کمتری سے نکالا۔ میرے اندر کے بھارتی پکا چوند سے چندھیائے پاکستانی کو احساس فخر دیا۔ آپ چلے گئے لیکن یہ دیکھتی آنکھیں سنتے کان آپکی نپی تلی گہری آواز کو ترستے رہیں گے۔ بیٹا ہو تو آپ جیسا، آپ اپنی ساری جائیداد ریاست کے نام کرگئے۔ ریاست ماں نہ بن سکی آپ نے بیٹا بن کے دکھا دیا۔ کاش اس دھرتی سے فیضیاب ہونے والے سارے سابق صدور، وزرائے اعظم، ججز، جرنیل، صنعتکار، اپنی دھرتی ماں کو آپ جیسا خراج دے سکیں۔ آنکھیں نم ہیں مزید لکھا نہیں جارہا۔ بس ایک بار کہہ دیں۔۔۔۔ پاکستان، میں آپ کے ساتھ زندہ باد کہنا چاہتا ہوں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

سردار اختر مینگل کا مثبت اقدام

بلوچستان کے حقوق کے حوالے سے ایک طویل عرصے سے حکومت اور بلوچستان کے حقیقی عوامی نمائندوں کے مابین سرد جنگ کا سماں تھا وہ آخر کار حکومت سے علیحدگی کا اعلان کردیا

بلوچستان نیشنل پارٹی نے وفاقی حکومت سے علیحدگی کا اعلان کردیا، بدھ کو قومی اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی نے کہا کہ میں وفاقی حکومت سے باقاعدہ علیحدگی کا اعلان کرتا ہوں، ہم نے اسپیکر، ڈپٹی اسپیکر، وزیر اعظم اور صدر کے انتخاب کے موقع پر حکومت کا ساتھ دیا، اپوزیشن کی مخالفت کے باوجود گزشتہ بجٹ میں ساتھ دیا، مگر وفاقی حکومت نے ہمیں کیا دیا؟، بلوچستان میں پاکستان کا جھنڈا جو گاڑی پر لگا لے اس کی کوئی تلاشی تک نہیں لی جاتی، انہوں نے کہا کہ صرف جھنڈا لگانے سے کوئی محب وطن نہیں بن جاتا، ہم نے حکمران جماعت نے ہمارے ساتھ لاپتہ افراد اور بلوچستان کی ترقی کے حوالہ سے معاہدہ کیا، کیا ان معاہدوں پر عمل کیا گیا، آج لاپتہ افراد کا مسئلہ جوں کا توں ہے اور اس معاہدہ پر شاہ مح

شال بقیہ 1

رپورٹ کے مطابق آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے جان بوجھ کر بحران پیدا کیا، ڈی جی آئل ڈاکٹر شفیع آفریدی اور پٹرولیم ڈویژن افسران اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہے۔ وزیراعظم نے پٹرول بحران میں ملوث کمپنیوں اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی ہدایت کرتے ہوئے ملوث افراد کو گرفتار اور ذخیرہ شدہ پٹرول جبری طور پر مارکیٹ میں سپلائی کرنے کا حکم دے دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پٹرول بحران کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، بحران میں ملوث کمپنیوں کے لائسنس معطل اور منسوخ کیے جائیں، تمام آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو 21 دن کا ذخیرہ یقینی بنانے کا پابند کیا جائے۔

شال بقیہ 2

نیشنل پارٹی کے رکن قومی اسمبلی حاجی میر محمد ہاشم نوتیزئی بھی موجود تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سردار اختر جان مینگل نے چیئرمین سینیٹ کو حکومت کی دوبارہ حمایت کرنے کیلئے فوری یقین دہانی سے معذرت کرلی، ذرائع کے مطابق چیئرمین سینیٹ سردار اختر جان مینگل سے ملاقات کے بعد وزیراعظم سے ملاقات کرینگے اور انہیں بلوچستان نیشنل پارٹی کے تحفظات اور خدشات سے آگاہ کرینگے جبکہ اس سلسلے میں وزیراعظم کی ہدایت پر حکومتی مذاکراتی کمیٹی بھی متحرک ہوگئی ہے اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائدین سے رابطے میں ہے۔ دوسری جانب بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم سیاسی لوگ ہیں اور قبائلی روایات بھی رکھتے ہیں پاکستان تحریک انصاف سے علیحدگی کا اعلان کیا ہے چیئرمین سینیٹ پی ٹی آئی کا مرکز اور صوبے میں اتحادی ہے اسی سلسلے میں آیا تھا ان کے سامنے ہم نے دو ٹوک الفاظ میں اپنا موقف رکھا کہ ہمارا فیصلہ پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کا فیصلہ ہے اور مجھے کوئی اختیار نہیں اس فیصلے کو تبدیل کرنے کی بال حکمرانوں کی کورٹ میں ہے آپ لوگ ان سے جا کر پوچھیے کہ یہ مسئلے کیوں حل نہیں ہوئے اگر یہ مسئلے حل ہوئے تو تفصیلات دیں اگر نہیں ہوئے تو ذمہ داران سے پوچھا جائے، انہوں نے کہا کہ پہلے وفاق سے باقاعدہ علیحدگی کا اعلان نہیں کیا صرف وان کرتے رہے، انہوں نے کہا کہ الیکشن میں جن لوگوں نے ہمیں سپورٹ کیا ہے اور ہمیں 6 نکات ہماری پارٹی کا منشور ہے ہم نے پارٹی ہی کی منشور حکومت کو پیش کردی اگر حکومت نے اس کو حل نہیں کرسکنی تو بتا دیتی، انہوں نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ کی باڈی لینگویج سے یہی پتہ چلتا ہے کہ وہ حکومتی پیغام ہے، انہوں نے کہا کہ شرائط اب ان کے سامنے رکھوں گا جو بااختیار ہوں، چیئرمین سینیٹ کے اختیارات کیا ہے سب کو معلوم ہے تاہم چیئرمین سینیٹ کی مہربانی کہ انہوں نے ہمارے احتجاج کو محسوس کیا، ان کا کہنا تھا کہ کمیٹیوں سے رابطے ہوئے اور ان کے سامنے علیحدگی سے پہلے اور بعد میں اپنا موقف رکھا ہے ہم نے قطعاً یہ نہیں کہا کہ بات چیت نہیں کرینگے دو سال کی انتظار اور تین دہائیوں پر کیا پھل ملا تو کیا مزید دو سال انتظار کرینگے، انہوں نے کہا کہ مجھے یقین دہانی سے مطمئن نہیں کیا جاسکتا حکمران جا کر بلوچستان کے گاؤں گاؤں میں جہاں کے باسیوں کا جن میں کسی کا بھائی کسی کا والد لاپتہ ہے حکمران اگر انہیں مطمئن کریں تو ہم مطمئن ہیں، وزیراعظم کے الیکشن کے دوران مطالبات پر دستخط ہوئے تھے ہمارے وہی مطالبات ہے کہ لاپتہ افراد کی بازیابی، گوادر کی ڈیموکریٹی پر قانون سازی، افغان مہاجرین کی واپسی سمیت دیگر شامل ہیں، اس کے علاوہ صدارتی انتخابات کے دوران بلوچستان میں تعلیم، صحت، پینے کا صاف پانی، معدنیات اور مواصلاتی نظام و گوادر کا مسئلہ ہے یہی ہمارے مسائل ہے۔

شال بقیہ 3

کورونا پھیل گئی اور دیگر مسائل سر چڑھ کر بولنے لگے ہیں، حکومت پچھلے بجٹ کی طرح آئندہ بجٹ بھی ہڑپ کرنے اور اپوزیشن کو دیوار سے لگانے میں مصروف ہیں۔ ان خیالات کا اظہار متحدہ اپوزیشن کے ارکان اسمبلی قائد حزب اختلاف ملک سکندر ایڈووکیٹ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے ملک نصیر احمد شاہوانی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے، میر زابد ریکی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ قائد حزب اختلاف ملک سکندر ایڈووکیٹ نے کہا کہ اپوزیشن گزشتہ دو سالوں سے اسمبلی میں سراپا احتجاج تھی لیکن وہاں بات نہیں بنی اور نااہل حکومت نے اپوزیشن حلقوں کو نظر انداز کیا جس پر مجبوراً ہم نے مارچ میں عوام کے درمیان احتجاج کا فیصلہ کیا اور 19 مارچ کو عوامی احتجاجی پروگرام ترتیب دیا لیکن کورونا کی وجہ سے احتجاج ملتوی کردیا اب لاک ڈاؤن ختم ہوگئی ہے جس پر اپوزیشن جماعتیں نااہل حکومت کے خلاف ایک بار پھر سراپا احتجاج ہیں، مذاکرات ہوئے لیکن حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کررہی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی نے کہا کہ بلوچستان میں کورونا وائرس پھیل گیا ہنڈی دل نے ہزاروں کسانوں، زمینداروں کے باغات اور فصلات تباہ کردیئے ان مسائل پر ہم نے تین بار اسمبلی اجلاس بلانے کیلئے ریکوزیشن جمع کرائی اور ایک بار کچھ گھنٹوں کیلئے اجلاس بلائی گئی، انہوں نے کہا کہ حکومت 23 ارکان اسمبلی کے حلقوں کو نظر انداز کررہی ہے۔

شال بقیہ 4

ٹیسٹنگ بھی صرف سرکاری لیبارٹریوں میں ہو رہی ہے اس امر کے پیش نظر ٹیسٹنگ صلاحیت میں اضافہ کیا گیا ہے اس وقت صوبے میں 5 لیبارٹریاں ہیں جہاں روزانہ 1400 سے 1500 ٹیسٹ کیئے جا رہے ہیں اور خضدار میں بھی ٹیسٹنگ کا آغاز کیا گیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اب تک صوبے میں 40000 ٹیسٹ کیئے گیئے بلوچستان میں ایکٹو کیسز کی تعداد 5600 ہے جن میں 80 فیصد تعداد کوئٹہ میں ہے جبکہ اموات کی تعداد 93 ہے وزیراعلیٰ نے ایران اور افغانستان سے منسلک سرحدی علاقوں میں کورنا وائرس مینجمنٹ اور مزید ویکسینیٹرز اور آئی یو بیڈز کے لیئے وفاقی حکومت کے تعاون میں وسعت کی ضرورت پر زور دیا انڈی دل کے مسئلے کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں زراعت بہت زیادہ وسیع اراضی پر نہیں تاہم مالداری اور زراعت کے شعبوں سے بڑی آبادی کا روزگار منسلک ہے ٹڈی دل نے باغات اور چراہگاہوں کو شدید نقصان پہنچایا ہے وزیراعلیٰ نے ٹڈی دل کے خاتمے کے لیے بھی این ڈی ایم اے کی معاونت کی ضرورت پر زور دیا۔۔

شال بقیہ 5

سی ایل کو متعلقہ علاقوں میں مطلوبہ سہولیات کی دو ہفتے تک مکمل فراہمی کے لیے اقدامات کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ کورونا وائرس آپریشن سینٹر کی جانب سیکوئٹہ میں ابتدائی طور پر کورونا سے زیادہ متاثرہ 20 یونین کونسلوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ شہر کے کورونا سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں مکمل لاک ڈان کا اطلاق آئندہ دو روز میں کیا جائیگا۔ واضح رہے کہ ملک میں کورونا کے کیسز کی تعداد بڑھتی جارہی ہے، اب تک مریضوں کی مجموعی تعداد ڈیڑھ لاکھ سے تجاوز کرگئی ہے جس میں سے 8794 کا تعلق صوبہ بلوچستان سے ہے جب کہ صوبے میں اموات کی تعداد 93 ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 6

بازیاب ہوئے ہیں اور یہ وہ ہیں جنھوں نے ان سے رابطہ کیا یا ان کے ذریعے رہا ہوئے ہیں۔ ہم نے قومی اسمبلی میں لاپتہ 5128 افراد کی فہرست پیش کی تھی، اسی دوران مئی تک 500 مزید افراد کی گمشدگی کی ایک اور فہرست دی جبکہ 900 سے 1000 افراد کی ایک اور فہرست ہے جو ابھی تیار ہو رہی ہے یہ تمام لوگ تحریک انصاف کی حکومت میں لاپتہ ہوئے ہیں اس صورتحال سے واضح ہوتا ہے کہ ہمارے مطالبات اور بنیادی مطالبے پر کوئی پیش رفت نہیں ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی ڈیموگرافی میں تبدیلی کے خلاف قانون سازی کے لیے مسودہ ابھی تک قومی اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹی میں پڑا ہوا، افغان مہاجرین کی واپسی کا اعلان ہوا اس پر عملدرآمد نہیں کیا گیا، صحت، تعلیم، معدنی وسائل اور انفراسٹرکچر، گوادر کے ماہی گیروں کے مسائل پر بھی صفر پیش رفت ہوئی۔ انھوں نے بتایا کہ پہلے جہانگیر ترین کی سربراہی میں کمیٹی بنائی گئی اس کے بعد نعیم الحق کو سربراہ بنا دیا گیا دوبارہ جہانگیر ترین کو سربراہ بنایا گیا، پھر ان کو ہٹا کر اب پرویز خٹک کو کمیٹی میں رکھا گیا اس صورتحال میں سلسلہ بے ربط ہو جاتا ہے کمیٹی کو مسائل اور صورتحال کو دوبارہ سے سمجھانا پڑتا ہے اس طرح پورا عرصہ صرف ان کمیٹیوں میں گزر گیا ہے، پیش رفت کوئی نہیں ہوئی ہے۔ سردار اختر مینگل کا کہنا تھا کہ ہماری سینٹرل کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ اب اس کے علاوہ کوئی چارہ نہیں ہے کہ حکومتی اتحاد کو خدا حافظ کہہ کر نکل آئیں۔ سردار اختر مینگل کا کہنا تھا کہ ان کے مطالبات پر عملدرآمد ممکن نہیں لگتا لیکن یہ ناممکن نہیں ہے۔ حکومت اب پہلے مطالبات پر عملدرآمد کرے اس کے بعد بی این پی کیا، بلوچستان کی تمام اقوام تحریک انصاف میں شامل ہو جائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے معاہدے حکومت کے ذمہ داران سے ہوئے، ہوسکتا ہے کہ منگ پرسنز کی واپسی میں سٹیبلشمنٹ رکاوٹ ہو، لیکن قانون سازی، ترقیاتی منصوبوں، روڈ بنانے میں بھی کیا سٹیبلشمنٹ رکاوٹ ہے، وہ سٹیبلشمنٹ کو ٹیلہ بنا کر اس کے پیچھے چھپنا چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 7

سراپا احتجاج ہیں، انہوں نے کہا کہ عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا گیا ہے، پی ایس ڈی پی میں تو عوام کے مفاد میں تعمیرات ہوتی ہے سڑکیں بنتی ہے لیکن یہاں ایک نسوار والے سینٹ والے سے لیکر تعلیم یافتہ تک سب روزگار کیلئے سراپا احتجاج ہیں، ڈھنک اور تمپ میں جو واقعات ہو رہے ہیں، بدامنی کی صورتحال حکومتی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے ہم نے عوام کی عدالت میں اپنا کیس پیش کیا ہے عوام کے وسائل کا لوٹ مار کر کے عوام ہی کی استحصال کی جارہی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ فیڈریشن قائم رہے فیڈریشن کے اختیارات کم ہو اور قومی وحدتوں کے اختیارات زیادہ ہو، برابری کی بنیاد پر بات ہو، اگر پنجاب کے 300 ارکان ہے اور ہمارے 18 ہیں تو ہمارا اکثریت ان کے برابر ہو چاہے ان کی اکثریت ڈھائی سو کا ہو، انہوں نے کہا کہ اقوام کی حقوق تسلیم کیا جائے، جام کمال وٹس ایپ اور ٹویٹر پر سارے معاملات چلا رہے ہیں اگر انٹرنیٹ ڈاؤن ہو جائے تو نہ تو ٹیس بک کام کرے اور نہ وٹس ایپ، جام صاحب کو عوام کے درمیان ہونا چاہیے مگر جام صاحب کا خصوصی مزاج ہے اور وہ مخصوص لوگوں سے ملتا ہے، سیاست میں سب برابر ہے یہاں کوئی نواب یا سردار نہیں ہم سب برابر ہے اور اللہ ہی کے غلام ہے۔

شال بقیہ 8

اطلاعات سینیٹر تیلی فراز، معاون خصوصی برائے اطلاعات لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ، صوبائی وزیر پنجاب برائے ہائر ایجوکیشن راجہ یاسر ہمایوں، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن طارق بنوری اور سینئر افسران شریک تھے، وزیراعظم کو ملک میں یکساں نصاب تعلیم متعارف کرانے، مدرسوں کے حوالے سے اصلاحات، ہنرمند پاکستان کے فروغ اور ہائر ایجوکیشن کے شعبے میں اصلاحات کے حوالے میں اب تک کی جانے والی پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ پہلی جماعت سے پانچویں جماعت تک کو متفقہ نصاب تشکیل دے دیا گیا ہے جس کا اپریل 2021 میں نفاذ کر دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ چھٹی سے آٹھویں جماعت کا نصاب مرتب کرنے کے لیے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جا رہی ہے۔ کورونا کی وجہ سے تدریسی اداروں کی بندش کے باوجود نظام تعلیم کو جاری رکھنے کے لئے مختلف اقدامات مثلاً ٹیلی سکولنگ وغیرہ پر بریفنگ دیتے ہوئے وزیراعظم کو بتایا گیا کہ ایک اندازے کے مطابق ستر سے اسی لاکھ طلبا اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔

شال بقیہ 9

ٹھیک ہو جائینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز نجی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔ سردار یار محمد رند نے کہا کہ پاکستان کی ترقی ہی بلوچستان سے جڑی ہے مگر بدقسمتی سے اسلام آباد میں بیٹھے لوگ بلوچستان کو لوٹ رہے ہیں یہاں کے لوگ سردی میں گیس نہ ہونے کی وجہ سے مر جاتے ہیں جبکہ گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ سے مرتے ہیں سردی میں گیس غائب اور گرمی میں بجلی غائب ہوتی ہے، دو سالوں میں وفاقی منسٹرز نے بلوچستان کا کوئی دورہ نہیں کیا ہے حالانکہ معدنیات بلوچستان کی ہے یہ صوبہ ملک کا آدھا ہے آدھے پاکستان کچھ لوگوں نے محروم رکھا ہے اور ذمہ داری پاکستان تحریک انصاف اور عمران خان پر ڈالی جارہی ہے یہ حقیقت ہے کہ کچھ کوتاہیاں ہوئی ہیں انہوں نے کہا کہ خان صاحب بہتر انداز میں ایڈریس کرسکتے ہیں۔

شال بقیہ 10

بیروزگار ہوگئے۔ صوبائی ترجمان لیاقت شاہوانی نے کوئٹہ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں کورونا کے کیسز کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، کورونا کے کیسز کی ہفتہ وار تعداد اوسطاً 1600 سے 1700 ہے، صوبے میں پانچ لیبارٹریز میں اس وقت روزانہ 1200 سیزائد کورونا کے ٹیسٹ کئے جارہے ہیں، یہ تمام ٹیسٹ سرکاری سطح پر کئے جارہے ہیں، صوبے میں باہر سے آنیوالوں میں کورونا کی شرح دو فیصد اور لوکل ٹرانسمیشن کی شرح 98 فیصد ہے، کورونا سے تمام شعبے کے افراد متاثر ہوئے ہیں، اب تک 287 ڈاکٹرز کورونا سے متاثر اور پانچ شہید ہوئے ہیں، دو سو سرکاری آفسران، 111 پولیس افسران اور اہلکار، پارلیمنٹیرنز اور عدلیہ سے افراد بھی کورونا سے متاثر ہوئے ہیں۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ صوبے میں کورونا کا پہلا کیس آج سے 100 روز قبل رپورٹ ہوا تھا اور اب تک 8794 افراد کورونا سے متاثر ہوئے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ ریجنل بلڈ سینٹر سینٹر کوئٹہ میں پلازمہ تھراپی کا عمل شروع کیا گیا ہے، پلازمہ تھراپی کی استعداد بڑھانے کیلئے مزید کنسٹس منگوا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی ایم سے 145 وینٹی لیٹرز کی ڈیمانڈ کی ہے، اب تک 20 وینٹی لیٹرز فراہم کئے گئے ہیں، وینٹی لیٹرز کو چلانے کے لئے تربیت یافتہ اسٹاف کی کمی بھی ہے۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ آکسیجن کی ڈیمانڈ میں بھی اضافہ ہوا ہے اس حوالے سے کچھ مشکلات ہیں امکان ہے جلد حل ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ خلیجی ریاستوں میں ہمارے لوگ پریشان ہیں، کوئٹہ کیلئے فلائٹس نہیں ہیں، ایک سوال کے جواب میں لیاقت شاہوانی نے کہا بجٹ میں بلوچستان کیتمام حلقوں کیلئے یکساں ترقیاتی اسکیمیں رکھی گئی ہیں، ہماری ترجیح عوام ہیں، ان کے مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق کی صوبوں کو 650 ارب میں سے بلوچستان کے حصے میں 85 ارب روپے آئے ہیں جو کہ 13 فیصد بنتا ہے وزیراعظم نے اسکیمات نہ نکالنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں صوبے کے حقوق، سی پیک اور مسائل کے حل کے حوالے سے ترجیح نہیں رہی۔

شال بقیہ 11

پیغام پہنچایا، بہت جلد حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی طرف سے ملاقات کی اطلاع بھی دے دی۔ سردار اختر مینگل اپنے موقف پر قائم ہیں اور کہا جو کرنا تھا کرلیا میرے پاس اب کچھ نہیں اب جو کرنا ہے حکومت نے کرنا ہے، اب جو کچھ پیشرفت کرنا ہے حکومت کو کرنا ہے۔ چیئرمین سینٹ نے کہا کہ آپ کا پیغام مذاکراتی کمیٹی کو پہنچا دوں گا مگر ہمیں آپکو ساتھ لیکر چلنا ہے، بلوچستان کے مسائل کے حل کے لئے ہم ملکر زیادہ موثر کوششیں کرسکتے ہیں۔ ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے سردار اختر مینگل نے کہا کہ صادق سنجرانی کا تحریک انصاف سے تعلق نہیں، صادق سنجرانی حکومت کے اتحادی اور چیئرمین سینٹ ہیں اسی لئے وہ آئے تھے، چیئرمین سینٹ جاننا چاہتے تھے کہ ایسا کیوں ہوا۔ سردار اختر مینگل نے کہا کہ چیئرمین سینٹ سے کہا ہے جا کر حکومت سے پوچھیں معاہدوں پر عمل کیوں نہیں ہوا، اگر معاہدوں پر کچھ عمل ہوا ہے تو کتنا ہوا ہے حکومت سے پوچھیں۔

شال بقیہ 12

کو ہندوستان کے اس مثلی روپے کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔ جمعرات کو وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف کے ساتھ ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ کے مابین کورونا وبائی صورتحال، دوطرفہ تعلقات و دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ نے کورونا وبا کے باعث روس میں ہونیوالے جانی نقصان پر، اپنے ہم منصب کے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے، اس وبا سے نمٹنے کیلئے عالمی سطح پر مربوط اور مشترکہ کاوشیں بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان، روس کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور ہم روس کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو کشیدہ انجمنی اور مزید مستحکم بنانے کے متمنی ہیں۔

شال بقیہ 13

اظہار انہوں نے میاں غنڈی کے دورے کے موقع پر اپنے فنڈ سے تعمیر ہونی والی سڑک کا معائنہ کرتے ہوئے کیا صوبائی مشیر و چیئرپرسن کیو ڈی اے محترمہ بشریٰ رند نے موقع پر موجود اربن اینڈ پلاننگ کے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ تمام جاری کاموں کو بروقت مکمل کرنے کیلئے تمام تر دستیاب وسائل سے استفادہ حاصل کیا جائے جاری ترقیاتی کاموں کی تکمیل میں کسی بھی قسم کی غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ افسران نے جاری کاموں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ میاں غنڈی میں جاری ترقیاتی کاموں کو بروقت مکمل کرنے کیلئے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے منصوبے کی تکمیل کو یقینی بنانے میں افسران و عملہ اپنے فرائض پوری خوش اسلوبی سے انجام دے رہے ہیں اس کے علاوہ صوبائی مشیر و چیئرپرسن کیو ڈی اے بشریٰ رند نے میاں غنڈی میں اپنے فنڈ سے تعمیر ہونے والے گرلز اینڈ بوائز اسکول کا بھی دورہ کیا اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما محمد زبیر رند اور حاجی میر داود شاہوانی بھی انکے ہمراہ تھے۔۔

شال بقیہ 14

لئے رسک نہیں بننا چاہیے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ میں اپوزیشن ارکان اسمبلی کے احتجاج پر ٹوئٹر پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ میری خواہش ہے کہ اپوزیشن بلوچستان کے وسیع تر مفاد کے لئے احتجاج کرتی لیکن انکا احتجاج پی ایس ڈی پی اور ترقیاتی اسکیمات تک محدود ہے، انہوں نے کہا کہ اپوزیشن میں اپوزیشن میں کچھ ارکان سمجھ دار ہیں اور انہیں صورتحال کی سنگینی کا احساس ہے جنہیں میں سراہتا ہوں لیکن دیگر اپوزیشن ارکان اس ہنگامی صورتحال میں لوگوں کی زندگیاں خطرے میں نہ ڈالیں۔

شال بقیہ 15

کوشش ہے، آنے والے مالی سال میں پوائنٹ آف سیل نظام کے تحت 15 ہزار کاروبار کو سسٹم میں لانے کا ہدف ہے، 1623 ٹیرف لائن پر ڈیوٹی میں کمی کی گئی، اس طرح ڈیوٹیز میں کمی سے ایکسپورٹ انڈسٹری کے حالات بہتر ہوں گے اور آئندہ بجٹ میں کاروبار آسان بنانا اور ڈاکومینٹیشن کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں، ٹیکس بارز کے نمائندوں کی مشاورت سے مسائل کو حل کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ٹیکس بار اور لاہور ٹیکس بار کے مشترکہ پوسٹ بجٹ سیمینار سے ویڈیو لنک پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان ٹیکس بار کے صدر آفتاب نگرہ، سینئر نائب صدر قاری حبیب الرحمن زبیری، جنرل سیکرٹری فرحان شہزاد، سیکرٹری اطلاعات شہباز صدیق، لاہور ٹیکس بار کے صدر خرم شہباز بٹ، نائب صدر عاشق علی رانا، سابق صدور پاکستان ٹیکس بار شہباز بٹ، نعیم شاہ، رانا منیر حسین اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ چیئرپرسن ایف بی آر نوشین امجد جاوید نے کہا کہ مشکل حالات میں بہتر بجٹ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ودہولڈنگ ٹیکسز کی مد میں بھی ریلیف دیا گیا۔

شال بقیہ 16

ہو رہے ہیں، سی پیک ہر پاکستانی کی محبت کی عکاسی کرتا ہے، سی پیک، پاکستان، چین آہنی بھائی چارے، قیادت کے مابین محبت کا عکاس ہے دوسرے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، پاکستان میں صنعتی ترقی، اقتصادی زونز کی بنیاد رکھی دی گئی ہے، سی پیک کی کامیابی میں ہر ادارے اور فرد کا کردار اہم ہے، وہ جمعرات کو ایچ ایم سی اور چینی کمپنیوں کے درمیان تاریخی معاہدوں کی تقریب سے خطاب کررہے تھے، اس موقع پر پاکستان اور چین نے ہیوی مکینیکل کمپلیکس کی بحالی کے منصوبے پر دستخط بھی کیے، چین کی 6 بڑی کاروباری کمپنیوں نے ایچ ایم سی کیساتھ معاہدوں پر دستخط کیے، دستخطوں کی تقریب میں پاکستان میں متعین چین کے سفیر یا چنگ، چیئرمین سی پیک لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ، چیئرمین اٹامک انرجی کمیشن انجینئر محمد نعیم بھی موجود تھے جبکہ چین میں پاکستانی سفیر لخانہ باقی بذریعہ ویڈیو لنک تقریب میں شرکت کی، مینیجنگ ڈائریکٹر ہیوی مکینیکل کمپلیکس نے معاہدوں پر دستخط کئے جبکہ چائنا کنسٹرکشن کمپنی، شنگ لنگ ایکسپورٹ اور دیگر کمپنیوں نے دونوں ممالک کے درمیان پائے جانے والے معاہدوں پر دستخط کئے، معاہدوں پر دستخطوں سے ہیوی مکینیکل کمپلیکس کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا۔

شال بقیہ 17

آپ نے بے حسی کی چادر اوڑھ رکھی ہے، عمران صاحب قوم کو بتائیں کہ اس وقت کتنے صحت کارڈز سے کورونا مریضوں کا علاج ہو رہا ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب خدا کا واسطہ ہے کہ پاکستان کے عوام کی زندگیوں سے کھیلنا بند کریں، عمران صاحب کورونا کے علاج کی ادویات مہنگی اور بازار سے غائب ہیں، وزیر صحت کہاں ہیں؟، عمران صاحب آپ وزیر صحت ہیں اور کورونا مریضوں کو وینٹی لیٹرز میسر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران صاحب آپ وزیر صحت ہیں اور چند سو روپے کا آکسی میٹر اس وقت ہزاروں روپے میں فروخت ہو رہا ہے، عمران صاحب مرغی، انڈے، کٹے، بھینسیں، سبزیاں، دالیں، چینی سب کچھ مہنگا ہے، غریب کی صحت کیسے ٹھیک رہے گی؟، عمران صاحب مرغیاں اور انڈے تو آپ نے مفت قوم کو دینے تھے، وہ منصوبہ اب کہاں ہے؟ قوم کو اس وقت پروٹین کی ضرورت ہے۔۔

شال بقیہ 18

تاریں لگا کر تو سیل کر دیا گیا تاہم عمل طور پر عملدرآمد نہ ہوسکا۔ پشاور میں اشرفیہ کالونی، یونیورسٹی ٹاؤن میں چنا روڈ، دانش آباد، حیات آباد کے دو فیز، آسیہ اور شنواری ٹاؤن میں سمارٹ لاک ڈاؤن لگایا گیا، متعلقہ علاقوں میں مین روڈ کو ہر قسم کی آمد و رفت کیلئے بند کیا گیا ہے تاہم عقبی راستوں کو نظر انداز کر دیا گیا۔ سمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے جہاں شہریوں نے حکومتی اقدامات کو سراہا تو وہیں متعلقہ علاقوں کے دکانداروں کے مطابق لاک ڈاؤن کے دوران کاروباری مراکز کو کھلا رکھنے کی اجازت دی جائے۔ ایر چترال کی 3 وادیوں، ایبٹ آباد کے 6 علاقوں، نوشہرہ کے 15، مردان کے 5، خیبر کے 3، سوات میں 11 اور بٹگرام کے 7 علاقوں کو بھی سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت سیل کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 19

پروگرام منیجر ڈاکٹر کمالان بگٹی، اسٹاف شوکت علی زہری، ای پی آئی کے ڈپٹی منیجر ڈاکٹر بدر، یوسیف کے ڈاکٹر اور نگزیب کمال سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ سیکرٹری صحت نے ای پی آئی سینٹر کے پروانشل کونڈ روم، ویکسین مینجمنٹ، مانیٹرنگ سیل، ٹیکنیکل فوکل پوئنٹ، ویڈیو کانفرنس روم، میڈیکل، فنانس آفیسرز روم، ایڈمن، اکاؤنٹ، بجٹ سیکشن کا دورہ کیا۔ ای پی آئی کے پروگرام منیجر ڈاکٹر کمالان بگٹی نے انہیں ای پی آئی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ ای پی آئی 2 سال تک کی عمر کے بچوں کو 10 خطرناک بیماریوں بچوں کی ٹی بی، پولیو، خناق، خسرہ، کالی کھانسی، کالا یرقان، گردن توڑ بخار، اسہال، نمونیا اور خسرہ سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے بعد کوئٹہ سمیت صوبے کے دور دراز علاقوں میں بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگانے کا پروگرام ملتوی کردیا تھا جسے اب دوبارہ ایس او پیز کے تحت دوبارہ شروع کردیا گیا ہے کہ تاکہ بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگا کر مختلف امراض سے محفوظ رکھا جاسکے۔ ڈاکٹر کمالان نے بتایا کہ ای پی آئی اور یوسیف کے تعاون سے جلد ہی حاملہ خواتین کو ٹیکے سے بچاؤ حفاظتی ٹیکے لگانے کی خصوصی مہم شروع کی جارہی ہے جسکے دوران حاملہ خواتین کو گھر گھر جا کر حفاظتی ٹیکے لگائے جائیں گے۔ سیکرٹری صحت دوستین خان جمالدینی نے کہا کہ عوام کو انکی دہلیز پر صحت کی سہولیات کی فراہمی وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

شال بقیہ 20

میں اپوزیشن جماعتوں کے اراکین تیسری مرتبہ اپنے مطالبات کے حق میں سڑکوں پر آئے ہیں وہ یہ مطالبہ کر رہے ہیں کہ انکے حلقوں میں غیر منتخب افراد کی مداخلت ختم، صوبے کے تمام حلقوں کو یکساں ترقیاتی اسکیمات، بدعنوانی کے خلاف کارروائی، کورونا وائرس اور ٹڈی دل کے تدارک کے لئے اقدامات کئے جائیں یہ تمام مطالبات کسی بھی صورت غیر آئینی یا غیر قانونی نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ اور صوبائی حکومت کو چاہیے کہ وہ کھلے دل سے اپوزیشن کے جائز مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے ان پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ اختلاف جمہوریت کا حسن ہے لیکن ان اختلافات کو اس حد تک نہ لیکر جایا جائے کہ بلوچستان کے عوام کو اسکا نقصان ہو صوبے کا پہلے ہی بدامنی کی وجہ سے بہت نقصان ہوا ہے اب وقت ہے کہ ہم بلوچستان کی ترقی کے لئے ملکر کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ جلد از جلد اپوزیشن ساتھ بیٹھ کر بات چیت کریں اور انکے تحفظات کو دور کریں۔۔

شال بقیہ 21

کورونا جنگل کی آگ کی طرح پھیل رہا ہے، حکمران دن رات عوام کو ڈرانے دھمکانے میں لگے ہوئے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک پر غیر سنجیدہ شہزادوں کی حکومت ہے جو روزانہ ہوائی گھوڑے پر سوار ہو کر منصوبے بناتے ہیں کرونا کے خلاف صف اول میں لڑنے والے ڈاکٹروں کو بھی حکومت جانی و مالی تحفظ نہیں دے سکی ڈاکٹرز جان پر کھیل کر کرونا مریضوں کا علاج کر رہے ہیں مرکز اور پنجاب میں صحت کا بجٹ بڑھانے کی بجائے اسے کم کردیا گیا ہے جس سے پانچ کروڑ عوام شدید ذہنی کرب میں مبتلا ہیں حکومت نے حسب معمول آئی ایم ایف کے احکامات کے پلندے کو بجٹ کا نام دے کر عوام پر مسلط کردیا ہے صحت، تعلیم اور عوام کی فلاح و بہبود کو فوکس کرنے کی بجائے آئی ایم ایف کے مطالبات پورے کیے گئے ہیں جس ملک میں روزانہ اوسطاً 100 لوگ بیماری سے مر اور چھ ہزار بیماری کا شکار ہو رہے ہوں۔

شال بقیہ 22

3 ماہ سے بند پاک افغان غلام خان بارڈر کھولنے کا فیصلہ

افغانستان میں پھنسے 200 سے زائد ڈرائیوروں کی گھر واپسی کی امید سے ان کے خاندانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

ضلعی انتظامیہ اور پولیس افسران نے پاک افغان بارڈر غلام خان کا دورہ بھی کیا اور وہاں موجود سہولیات کا جائزہ لیا

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سابق صوبائی وزیر سردار دودا محمد ناصر کی وفات پر انکے بھائی سے تعزیت کا اظہار کر رہے ہیں

چمن (آن لائن) کورونا وائرس کے پیش نظر 3 ماہ سے بند پاک افغان غلام خان بارڈر کھولنے کا فیصلہ، افغانستان میں پھنسے 200 سے زائد ڈرائیوروں کی گھر واپسی کی امید سے ان کے خاندانوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ضلعی انتظامیہ اور پولیس افسران نے پاک افغان بارڈر غلام خان کا دورہ بھی کیا اور وہاں موجود سہولیات کا جائزہ لیا آل ٹرانسپورٹر ایسوسی ایشن شمالی وزیرستان کے صدر تورعلی خان نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ تین ماہ قبل کورونا وائرس کے پیش نظر 16 مارچ کو پاک افغان بارڈر کو بند کر دیا گیا تھا جس کی وجہ سے ہمارے 200 سے زائد ڈرائیور اپنے کنڈیکٹرز کے ہمراہ وہاں پر پھنس چکے تھے جو کہ کھلے آسمان تلے زندگی گزار رہے تھے اس دوران ایک ڈرائیور کی موت بھی واقع ہوئی دوسری طرف ان کے گھروں میں بھی فاقوں تک نوبت آپہنچی بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

ہمیشہ طاقت وار اداروں نے ملکوں کے توڑنے میں کردار کیا ہے، صابر حسین قلندرانی

ہمارے ملک میں بھی یہ ہی کام آئی ایم ایف اور امریکہ کے کہنے پر کیا جا رہا ہے

ملک میں عدلیہ انصاف کرنا چھوڑ دیں اشرفیاں اپنے دھیاشیوں میں مصروف عمل ہو اس ملک کا خدا حافظ ہے

خضدار (آن لائن) ایپکا پاکستان کے مرکزی نائب صدر مزدور اتحاد خضدار کے چیئرمین صابر حسین قلندرانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ وفاقی بجٹ 2020-21 اس بات کی نشان دہی کر رہا ہے کہ پاکستان کو کمپرسی اور چند طاقت وار لوگوں کیلئے آئی ایم ایف بھیج دیا گیا ہے اور ابتدائی مراحل میں ملازمین کی تنخواہیں و پنشنز کی تنخواہیں نہ بڑھانے سے ابتدا کیا گیا ہے ملک کے وزیر اعظم عمران کے غلط پالیسوں کی وجہ سے 100% فیصد غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے ہیں ملک بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

پشتون باغ اتحاد روڈ و دیگر ملحقہ علاقوں کے عوام واپڈا کے اعلیٰ حکام کے رحم و کرم پر ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات انقلابی پوشت کے امیر مولانا جمال الدین حقانی نے میڈیا کو جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا کہ پشتون باغ اتحاد روڈ و دیگر ملحقہ علاقوں کے عوام واپڈا کے اعلیٰ حکام بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

ملک میں قحط پڑا تو اس تباہی کے ذمہ دار عمران خان ہوں گے، بلاول بھٹو

حیرت کی بات ہے اتنی زیادہ اموات ہونے کے بعد بھی عمران خان لاک ڈاؤن نہ کرنے کی ضد پر اڑے ہوئے ہیں

عمران خان کے غلط فیصلوں کی وجہ سے آج ملک میں کرونا وائرس کی وباء بے قابو ہو چکی ہے، ٹیلی فونک گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عمران خان کے غلط فیصلوں کی وجہ سے آج ملک میں کرونا وائرس کی وباء بے قابو ہو چکی ہے، حیرت کی بات ہے کہ اتنی زیادہ اموات ہونے کے بعد بھی عمران خان لاک ڈاؤن نہ کرنے کی ضد پر اڑے ہوئے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کی وارننگ کو بھی عمران خان نے چٹکیوں میں اڑا دیا، اپوزیشن اگر بری لگتی ہے تو عمران خان لاک ڈاؤن کے حوالے سے ڈیلیور کریں بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سیکرٹری صحت بلوچستان وحید الدین کو ای پی آئی کے دورے کے موقع پر پروگرام منیجر ڈاکٹر کمال ان لیگی بریفنگ دے رہے ہیں

سرکاری اراضی پر قبضہ کی اجازت کسی کو نہیں دی جائیگی، ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ

تعلیم یافتہ مستقبل کے حصول میں رکاوٹ برداشت نہیں کی جائیگی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو لسبیلہ

اوتھل (نمائندہ شال) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو لسبیلہ ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ نے کہا ہے کہ سرکاری اراضی پر قبضہ کی اجازت کسی کو نہیں دی جائیگی، ضلع میں لینڈ مافیا کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی، محکمہ تعلیم کی اراضی پر قبضہ جما کر اراضی کی غیر قانونی خرید و فروخت اور تعمیرات کرنے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ حاجی نوید احمد ہاشمی کے ہمراہ محکمہ تعلیم کی اراضی پر ہونے والی غیر قانونی تعمیرات کی شکایت پر سائٹ معائنہ کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کیا، اے ڈی سی نے کہا کہ محکمہ تعلیم کی اراضی سے متعلق ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حسن وقار چیمہ بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

پی این پی کا حکومت سے علیحدگی کا فیصلہ خوش آئند ہے، عوامی حلقے

سردار اختر مینگل نے پہلا فیصلہ بھی درست کیا کہ شائد حکومت ہمارے احساس محرومی کو سمجھ پائے

اوستہ محمد (آن لائن) بی این پی کا حکومت سے الگ ہونے کا فیصلہ خوش آئند ہے سردار اختر مینگل نے پہلا فیصلہ بھی درست کیا کہ شائد حکومت ہمارے احساس محرومی کو سمجھ پائے لیکن، حکومت کے کان تک جوں نہیں رینگی، اب انہوں نے الگ ہونے کا فیصلہ کیا وہ بھی بہتر ہے، عوامی ردعمل۔ تفصیلات کے مطابق بی این پی مینگل کی مرکزی حکومت سے الگ ہونے کے فیصلے پر سیاسی سماجی شخصیتوں نے سردار اختر جان مینگل کے اس فیصلے کی تعریف کی اور کہا کہ وہ سچے محب بلوچ لیڈر ہیں جن کی شخصیت کو سلام پیش کرتے ہیں ان کی سوچ بلوچستان کے لئے اور بلوچ قوم کے لئے گراں قدر ہے اور وہ پاکستانی لیڈر ہونے کا حق رکھتے ہیں۔

اوتھل، ڈپٹی کمشنر ایف بی آر کراچی ڈویژن اعجاز قیصر اور اسسٹنٹ کمشنر بیلہ لسبیلہ یونیورسٹی کے آڈیٹوریم ہال میں طلباء کے ایک سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

مولانا پپ کے قریب نامعلوم افراد نے ایک شخص کی موٹر سائیکل چوری کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

صحبت پور (نامہ نگار) صحبت پور کے علاقے بھنڈ شریف کے نزدیک مولانا پپ کے قریب نامعلوم افراد نے ایک شخص کی موٹر سائیکل چوری کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کے مطابق صحبت پور کے علاقے پولیس تھانہ شہید بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

قلات پریس کلب کے سینیئر صحافی آغا قادر شاہ کے ماموں سید محمد شاہ کی انتقال پر ملال

منگچر (پ ر) قلات پریس کلب کے سینیئر صحافی آغا قادر شاہ کے ماموں سید محمد شاہ کی انتقال پر منگچر پریس کلب کے صدر مختیار احمد قادری چیئرمین جاوید اقبال لاکو۔ وائس چیئرمین فیض الرحمن سالانی، نائب صدر عبدالحی نیچاری، نائب بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

ارباب جھالاوان ارباب محمد نواز مینگل نے زمینداروں کا ایک اہم جرگہ 20 جون کو خضدار میں طلب کر لیا

خضدار (آن لائن) ارباب جھالاوان ارباب محمد نواز مینگل نے زمینداروں کا ایک اہم جرگہ 20 جون کو خضدار میں طلب کر لیا جرگے میں اہم فیصلے کریں گے ارباب ہاؤس خضدار سے جاری اعلامیہ کے مطابق ارباب ہاؤس خضدار میں ارباب محمد نواز مینگل کے زیر صدارت خضدار کے مختلف قبائلوں کے رئیس و میر معتبرین کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا کہ 20 جون بروز ہفتہ کو ارباب ہاؤس خضدار میں زمینداروں کا ایک اہم جرگہ منعقد ہوگا تمام زمینداروں کو دعوت نامے جاری کر دیئے گئے ہیں۔

ہم آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر بننے والے بجٹ کو مسترد کرتے ہیں، مولانا مفتی محمد قاسم

ہمارے نااہل حکمران نے وعدہ کرپشن ختم کرنے کا کیا اور کرپشن کا ٹڈی دل ہر طرف پھیلا دیا

چمن (آن لائن) شہید اسلام مولانا محمد حنیف کے جانشین اور جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء مولانا مفتی محمد قاسم نے گذشتہ دن جامعہ دارالعلوم اسلامیہ ملت آباد میں جمعیت علماء اسلام صوبہ سندھ کے رہنماء مولانا سائیں رشد اللہ بالیجوی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے نااہل حکمران نے وعدہ کرپشن ختم کرنے کا کیا اور کرپشن کا ٹڈی دل ہر طرف پھیلا دیا ہم آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن پر بننے والے بجٹ کو مسترد کرتے ہیں سکھول بجٹ تحریک انصاف کے منشور سے متصادم بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

پنجگور سمیت مکران میں چادر و چار دیواری پامال کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے، رحیم آغا

ہم مکران ڈویژن میں امن امان کو خراب کرنے کی ہر کوشش کے خلاف سراپا احتجاج ہونگے

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین چیئرمین قاروق شاہوانی یعقوب شاہ کاکڑ افتخار حسین عمارہ میر اکرم ہنگوئی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ پنجگور سمیت مکران بھر میں ہم اپنے بلوچ چادر و چار دیواری پامال ہونے اور مکران ڈویژن (پنجگور، تربت، گوادر) امن امان کی بگڑتی صورت حال کی بھرپور مذمت کرتے بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

عوام کو کورونا وائرس سے بچنے کیلئے ایس او پیز پر عملدرآمد کریں، سہیل الرحمن بلوچ

پبلک مقامات پر ماسک پہننا لازمی قرار دینا حکومت کا انتہائی اہم فیصلہ ہے

لورالائی (خ ن) کمشنر ڈویژن ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ کی زیر صدارت میں اعلیٰ سطحی ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی آئی جی پولیس ڈویژن ریچ علی محسن، ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی، ڈپٹی کمشنر دکی قربان علی کھسی، ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ صہیب الرحمن کاکڑ، ڈپٹی کمشنر ڈوب طہٰ سلیم، ڈکوئل پرسن ڈوب ڈویژن ڈاکٹر فرحان، ڈسٹرکٹ ٹوکل پرسن ڈاکٹر منیر اقبال، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر بارکھان نیاز بگٹی، ڈی ایس پی بارکھان بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد میں گرمی عروج پر بجلی بند لوگ تڑپ اٹھے کوئی واپڈا والوں سے پوچھنے والا نہیں

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں گرمی عروج پر بجلی بند لوگ تڑپ اٹھے کوئی واپڈا والوں سے پوچھنے والا نہیں تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد میں گرمی عروج پر درجہ حرارت 52 سنٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا شدید گرمی اور لو سے چرند پرند منہ کھلے ہانپتے رہے لوگ سائے کی تلاش میں گھومتے رہے بازار بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

سبی میں قیامت خیز گرمی، درجہ حرارت 52 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا

شدید گرمی سے درجنوں پرند چرند ہلاک، گرمی لگنے سے گیارہ افراد بے ہوش، درجنوں بیمار ہو کر ہسپتالوں میں پہنچ گئے

سبی (این این آئی) سبی میں قیامت خیز گرمی، درجہ حرارت 52 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا، شدید گرمی سے درجنوں پرند چرند ہلاک، گرمی لگنے سے گیارہ افراد بے ہوش، درجنوں بیمار ہو کر ہسپتالوں میں پہنچ گئے شہر میں بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ اور پینے کے پانی کی قلت کا مسئلہ بر بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت نے سندھ کے 229 ارب روپے پر ڈاکہ ڈالا، وزیر اعلیٰ سندھ

5 ارب انڈسٹریز کی معرفت چھوٹے کاروبار کو قرضے دیں گے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے سندھ کے 229 ارب روپے پر ڈاکہ ڈالا ہے، کورونا متاثرین کو 3 2 ارب کیش ریلیف سہولت دیں گے، 5 ارب انڈسٹریز کی معرفت چھوٹے کاروبار کو قرضے دیں گے جو کورونا سے متاثر ہوئے بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کاکڑ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مستونگ عوامی، سماجی و سیاسی حلقوں کا لیویز اکاؤنٹ برانچ کے جمشید خان و دیگر اسٹاف کے کارکردگی کی تعریف

لیویز اکاؤنٹ برانچ اسٹاف سمیت جمشید خان اپنے فرائض منصبی کو احسن طریقے سے نباہ رہے ہے

مستونگ (نمائندہ خصوصی) گزشتہ کچھ عرصے سے لیویز اکاؤنٹ برانچ کے اسٹاف کے متعلق غلط افواہوں و جھوٹے بیانات کے خلاف سماجی و سیاسی حلقوں کا سخت برہمی کا اظہار۔ انہوں نے کہا کہ لیویز اکاؤنٹ برانچ کے اسٹاف کے متعلق جھوٹے بیانات کی سختی سے مذمت کرتے ہے۔ جو کے سراسر جھوٹ پر مبنی تھے۔ لیویز اکاؤنٹ برانچ کے اسٹاف خصوصاً "جمشید خان" کی کارکردگی قابل تحسین ہے۔ موصوف اپنے فرائض منصبی کو انتہائی احسن طریقے سے سرانجام دے رہا ہے۔ عوامی، سماجی و بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مختصر عرصے میں کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں

اپوزیشن جماعتوں کو یہ ترقیاتی کام ہضم نہیں ہو رہے، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی میر داود شاہوانی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی میر داود شاہوانی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے مختصر عرصے میں کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں اپوزیشن جماعتوں کو یہ ترقیاتی کام ہضم نہیں ہو رہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو میاں غنڈی، بزار گنجی، سریاب میں جاری مختلف ترقیاتی کاموں کے معائنے بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

پولیس کے افسران و جوان کورونا وبا کے دوران فرنٹ لائن کا کردار ادا کر رہے ہیں، آئی جی اسلام آباد

پولیس کے 84 افسران و جوان فرائض منصبی کے دوران کورونا وائرس کا شکار ہوئے ہیں، 25 صحت یاب ہو چکے ہیں، محمد عامر ذوالفقار

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد محمد عامر ذوالفقار خان نے کہا ہے کہ پولیس کے افسران و جوان کورونا وبا کے دوران فرنٹ لائن کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کے 84 افسران و جوان فرائض منصبی کے دوران کورونا وائرس کا شکار ہوئے ہیں 25 افسران و جوان صحت یاب ہو چکے ہیں جبکہ باقی افسران و جوانوں کا علاج معالجہ جاری ہے۔

سعودی عرب کا ملک میں سیاحتی سرگرمیاں جلد بحال کرنے کا فیصلہ

اندرون ملک سیاحتی سرگرمیوں کی بحالی کے طریقہ کار پر کام جاری ہے، سعودی وزیر احمد الخطیب

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے کرونا وائرس کے پھیلاؤ کی وجہ سے متاثر ہونے والی سیاحتی سرگرمیوں کی بہ تدریج بحالی کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی وزیر سیاحت احمد الخطیب نے ایک بیان میں کہا کہ کرونا وبا کی وجہ سے متاثرہ اقتصادی اور سیاحتی سرگرمیوں کو رواں ماہ کے شوال کے آخر تک بحال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر سیاحت نے کہا کہ موجودہ اشارے مثبت ہیں۔

کورونا وائرس کی بگڑتی صورتحال کے پیش نظر حکومت پنجاب کا بڑا فیصلہ

راولپنڈی کی 8 یونین کونسلوں اور کینٹ کے بعض علاقوں میں لاک ڈاؤن کا اعلان کر دیا گیا، نوٹیفکیشن جاری

راولپنڈی (این این آئی) کورونا وائرس کی بگڑتی صورتحال کے پیش نظر حکومت پنجاب نے بڑا فیصلہ کر لیا، راولپنڈی کی 8 یونین کونسلوں اور کینٹ کے بعض علاقوں میں لاک ڈاؤن کا اعلان کر دیا گیا۔ لاک ڈاؤن پر عملدرآمد جمعرات سے ہو گیا جو 30 جون رات 9 بجے تک جاری رہے گا جبکہ عملدرآمد کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق لاک ڈاؤن والے علاقوں کے داخلی خارجی راستے بند رہیں گے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عابد حسین بھٹی کے زیر صدارت نہری پانی چوری کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس

تمام نہروں پر مقامی پولیس، ریونیو عملے اور محکمہ انہار کے افسران کیساتھ مل کر جوائنٹ پٹرولنگ کی جائیگی، عابد حسین بھٹی

قصور (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عابد حسین بھٹی کے زیر صدارت نہری پانی چوری کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس گزشتہ روز ڈی سی کمپنی روم میں منعقد ہوا۔ اسسٹنٹ کمشنر قصور انعم زید، اے سی پتوکی آصف علی ڈوگر، اے سی کوٹ رادھا کشن ثانیہ سہیل، ایکسین ایری گیشن میاں محمد عدنان ضیاء، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد جواد، محکمہ انہار کے تمام ایس ڈی او، انجینئرز اور دیگر بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے یونیورسٹی لاء کالج کے پرنسپل گل محمد کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان صوبے میں تعلیمی میدان میں بہتر تبدیلیاں لانے کیلئے کوشاں ہیں، حافظ محمد قاسم کاکڑ

تعلیم کے فاصلے سے درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کریں اسی میں ہم سب کی کامیابی ہے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد مدثر، سینیئر اکاؤنٹس آفیسر محی الدین عمرانی، ڈی ڈی او اویلیش محمد سرپرہ سمیت دیگر شریک تھے اجلاس میں ریٹائرڈ اور فوت ہونے والے ملازمین کے ورثاء کی جانب سے نصیر آباد مزید تعلیم کے حصول کے لئے دی گئی درخواستیں زیر بحث بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے شاہوانی قبیلہ کے سماجی و قبائلی رہنما حاجی بابا جان شاہوانی کی وفات پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں گورنر یاسین زئی نے مرحوم کی مغفرت بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

پاکستان کوسٹ گارڈز نے اسمگلنگ کے خلاف کاروائیاں تیز کر دیں

مختلف کاروائیوں میں چھالیہ، فلورائیٹ اسٹون، ایرانی ڈیزل و دیگر سامان برآمد 17 اسمگلر کو گرفتار

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان کوسٹ گارڈز نے اسمگلنگ کے خلاف کاروائیاں تیز کر دیں، ضلع لسبیلہ اور ضلع گوادر میں مختلف کاروائیوں میں چھالیہ، فلورائیٹ اسٹون، ایرانی ڈیزل، ٹائر، چائنا کا سالٹ 23 جاپان کسٹم پیڈ گاڑیاں، ایک لانچ برآمد کر کے 17 اسمگلر کو گرفتار کر لیا۔ متفرق اشیاء کی مالیت تقریباً دس کروڑ 74 لاکھ روپے بتائی جاتی ہے۔ جب کہ ایک نائجیرین سمیت پچیس تارکین وطن گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کوسٹ گارڈز کو خفیہ ذرائع سے اطلاع ملی کہ ضلع لسبیلہ اور ضلع گوادر کے راستوں سے بھاری مقدار میں چھالیہ، ایرانی ڈیزل اور متفرق اشیاء اسمگل ہونے کا خدشہ ہے۔ پاکستان کوسٹ گارڈز کے خفیہ ذرائع کی نشاندہی پر پاکستان کوسٹ گارڈز کے علاقہ کمانڈر نے جوانوں کے ہمراہ موبائل بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

لورالائی پولیس کی کاروائی 5 ملزمان گرفتار

لورالائی (این این آئی) لورالائی ڈی آئی جی پولیس سید علی محسن ایس ایس پی محمد طارق جواد کی خصوصی ہدایت پر پولیس پارٹی نے خصوصی کاروائی کے دوران محمد جلات خان قلندر خان اکبر خان اور خان کو قوم سلیمان خیل کو گرفتار کر کے انکے خلاف زیر تفتیش مقدمہ 302 کے تحت کاروائی شروع کر دی ہے پولیس پارٹی میں ایس ڈی پی او عاصف بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

اگر بلوچستان خوشحال نہیں ہوگا تو ملک کیسے خوشحال ہوگا، خان محمد جمالی

بلوچستان خوشحال نہیں ہوگا تو ملک کیسے خوشحال ہوگا، بلوچستان پاکستان کا حصہ اور پاکستان کا مستقبل ہے، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

ٹیکس کے بغیر بجٹ پیش کرنا حکومت کا احسن اقدام ہے، 19 ارب کے نئے پراجیکٹ سندھ میں شروع کیے گئے، لال چند ملہی

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں بجٹ بحث میں حصہ لیتے ہوئے خان محمد جمالی نے کہا کہ بلوچستان میں ٹڈی دل کا بڑا حملہ ہے وفاقی حکومت کیساتھ ساتھ صوبائی حکومت کو بھی اس کے تدارک میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے موسمی تبدیلی کے باعث حکومت کا گندم کا ٹارگٹ پورا نہیں ہو سکا، خریف کی فصل کا سیزن شروع ہو چکا ہے، ٹڈی دل کا تدارک نہ کیا گیا تو کہیں خریف کی فصل کو بھی نقصان نہ ہو جائے، پانی کا مسئلہ حل نہ ہونے پر چھوٹے کاشتکار اپنی زمینیں بیچنے پر مجبور ہیں، ہر سال پانی کی کمی ہوتی جا رہی ہے میری تجویز ہے کہ کیچ ترکیال کو ایک سٹرا گیٹ دیں تاکہ زیادہ علاقہ سراب ہو ہر صوبے بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

چمن، اسسٹنٹ کمشنر زاللہ درانی ڈاکوؤں کی گرفتاری کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

منگچر لیویز نے مستونگ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر کے مستونگ پولیس کو حوالہ کر دیا

منگچر (نامہ نگار) منگچر لیویز نے مستونگ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر کے مستونگ پولیس کو حوالہ کر دیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق تحصیلدار منگچر نثار احمد لاکو۔ میجر رسالدار علی اکبر موبگل اور دیگر لیویز عملہ کے ہمراہ چھاپہ مار کر پولیس تھانہ مستونگ کو اغواء کے مقدمے میں مطلوب بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

منگچر میں بڑھتے ہوئے چوری و نقب زنی کے وارداتیں امن کیلئے سوالیہ نشان ہے، مفتی محمد ابوبکر

کوئٹہ (آن لائن) منگچر میں بڑھتے ہوئے چوری و نقب زنی کے وارداتیں امن کیلئے سوالیہ نشان ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علما اسلام منگچر کے امیر مفتی محمد ابوبکر مولانا عطا اللہ جمگسوری مولانا عزیز اللہ قریشی مولانا محب اللہ حافظ بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے تاجر شناختی کارڈ کی پابندی ہرگز قبول نہیں کریں گے، اللہ داد ترین

ہمارے ہاں تعلیم کا معیار بہت کم ہے ایف بی آر کی خواہش کے مطابق ڈاکومینٹس پر عمل درآمد نہیں کر سکتے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے تاجر شناختی کارڈ کی پابندی ہرگز قبول نہیں کریں گے ہمارے ہاں تعلیم کا معیار بہت کم ہے ایف بی آر کی خواہش کے مطابق ڈاکومینٹس پر عمل درآمد نہیں کر سکتے ان خیالات کا اظہار انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اللہ داد ترین نے اپنی ملتان آمد کے موقع پر چیئرمین آل پاکستان انجمن تاجران خواجہ محمد شفیق کی جانب سے انکی رہائش گاہ پر منعقد ظہرانہ بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

وڈیرہ عبدالخالق زہری کی جدائی ایک سانحہ ہے وہ ایک مدبر و نڈر لیڈر تھے، ڈاکٹر عبدالمالک نیچاری

منگچر (نامہ نگار) سابق صوبائی وزیر صحت بلوچستان جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری وڈیرہ عبدالخالق زہری کی جدائی ایک سانحہ ہے وہ ایک مدبر و نڈر لیڈر تھے ان خیالات کا جمعیت علماء اسلام کے مرکزی بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس سے حفاظتی انتظامات کرنا ضروری ہیں، اہلسنت والجماعت

عوامی مسائل کو سامنے رکھ کر لاک ڈاؤن کا فیصلہ کرے غریب عوام مزید مالی بحران برداشت نہیں کر سکتی

کوئٹہ (آن لائن) اہلسنت والجماعت کے رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ کرونا وائرس سے حفاظتی انتظامات کرنا ضروری ہیں حکومت کو چاہئے عوامی مسائل کو سامنے رکھ کر لاک ڈاؤن کا فیصلہ کرے غریب عوام مزید مالی بحران برداشت نہیں کر سکتی تاجروں کو ریلیف فراہم کیا جائے آج نماز جمعہ کے بعد عوام اس وبا سے نجات کے لئے خصوصی دعائیں کرے ان خیالات کا اظہار اہلسنت والجماعت کے صوبائی صدر مولانا محمد رمضان مینگل ضلعی صدر قاری عبدالولی فاروقی علامہ عبدالرحیم ساجد مفتی بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی کارروائی بڑی مقدار میں نشہ آور گٹکے اور پان برآمد

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی کارروائی بڑی مقدار میں نشہ آور گٹکے اور پان برآمد کر لیے گئے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن انچارج انسپکٹر جاوید بلوچ نے نفری کے ہمراہ شہر بھر کی دکانوں اور کیبنز پر چھاپے مارے دکانوں اور کیبنز پر غیر قانونی طور پر افغانستان ایران اور بھارت سے درآمد شدہ گٹکے اور پان کی فروخت کرنے پر دکانوں اور کیبنز سے بڑی تعداد میں گٹکے اور پان برآمد کر لیے اور دکانداروں سمیت کیبن بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

سردار اختر جان مینگل بلوچستان کا اثاثہ اور ایک قد آور شخصیت ہیں، میر مولا بخش گورگیج

وفاقی حکومت کے دو سال ساتھ دینے کا بھی انھیں کفارہ ادا کرنا پڑیگا

حکومت کی دو سالہ کارکردگی کو دیکھ کر اسے پہلے مستعفی ہو جانا چاہیے تھا

واشمین (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی نائب صدر اور ممتاز قبائلی رہنما میر مولا بخش گورگیج نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں تبصرہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ سردار اختر جان مینگل بلوچستان کا اثاثہ اور ایک قد آور شخصیت ہیں وفاقی حکومت کے دو سال ساتھ دینے کا بھی انھیں کفارہ ادا کرنا پڑیگا حکومت کی دو سالہ کارکردگی کو دیکھ کر اسے پہلے مستعفی ہو جانا چاہیے تھا انکا مزید کہنا تھا کہ مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی بیانیوں نے موجودہ وفاقی بجٹ کو مسترد کرتے ہوئے بتایا کہ یہ ایک سیاسی اور بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

بلوچستان والے اپنا حق مانگ رہے ہیں بھیک نہیں منظور کاکڑ

بلوچستان کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، وفاق کو اتحادیوں کو ساتھ لیکر چلنا ہوگا

اپنے تحفظات اور خدشات سے متعلق غور و فکر کیلئے پارٹی کا اجلاس، کر لیا، آئندہ کا لائحہ عمل طے کر لیا جائے گا، میڈیا نمائندوں سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے کہا ہے کہ آج ایک اتحادی چلا گیا ہے کل دوسرا بھی جا سکتا ہے، بلوچستان والے صرف اپنا حق مانگ رہے ہیں بھیک نہیں، وفاقی پی ایس ڈی پی سے بلوچستان میں انتہائی اہمیت کے حامل منصوبوں کو نکال دیا گیا تھا، اپن